★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | بدھ 10 شوال 1446ھ، 9 اپریل 2025، 25 چیت 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 157

پاکستان اپنے معدنی ذخائر کی بدولت آئی ایم ایف کو خیرباد کہہ سکتا ہے، وزیراعظم

بلوچستان کے پہاڑوں، خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں معدنیات کے کھربوں ڈالر مالیت کے ذخائر ہیں، پاکستان ان ذخائر کو نکال کر قرضوں کے پہاڑ سے چھٹکارا حاصل کرسکتا ہے: شہباز شریف

صرف یہی نہیں بلکہ ہمارے پاس پنجاب اور سندھ سمیت پاکستان کے دیگر حصوں میں انتہائی زرخیز زمینیں موجود ہیں، ہمارے پاس انتہائی ہنرمند لوگ موجود ہیں جو چیلنج قبول کرنے کے لیے تیار رہتے ہیں



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے پاکستر کے چیئرمین آف ری بورڈ آف ڈائریکٹرز رابرٹ میرک ملاقات کررہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ بلوچستان کے پہاڑوں، خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں معدنیات کے کھربوں ڈالر مالیت کے ذخائر ہیں، پاکستان ان ذخائر کو نکال کر قرضوں کے پہاڑ سے چھٹکارا حاصل کرسکتا ہے۔ پاکستان مزار الوسٹمنٹ فورم سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان کو اللہ نے بے شمار نعمتوں سے نوازا ہے، بلوچستان کے سنگلاخ پہاڑوں سے لے کر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

عالمی منڈی میں پیٹرولیم نرخ کم ہونے پر ایک بار پھر پیٹرول کے بجائے بجلی سستی کریں گے، وزیراعظم شہباز شریف

اسلام آباد (این این پی) وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ عالمی منڈی میں پیٹرولیم نرخ کم ہونے پر ایک بار پھر پیٹرول کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

وزیراعلیٰ پنجاب ترک خاتون اول کی خصوصی دعوت پر ترکیہ کا دورہ کریں گی

مریم نواز شریف چوتھی انا طولیہ ڈپلومیسی فورم کی تین روزہ تقریب میں شریک ہوں گی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف چوتھی انا طولیہ ڈپلومیسی فورم کی تین روزہ تقریب میں شریک ہوں گی۔ ترکیہ کی خاتون اول ایمنہ اردوان نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

پی ٹی آئی رہنماؤں کو عمران خان سے ملنے سے روکنے پر کارکنوں کا اڈیالہ روڈ پر احتجاج، پتھراؤ

متعدد رہنماؤں کو روکنے پر کارکنان پہنچ گئے، اڈیالہ جیل جانے پر اصرار، عمر ایوب نے روکا، پولیس پر پتھراؤ، متعدد گرفتار، بعدازاں 6 وکلا رہنماؤں کو ملاقات کی اجازت مل گئی

آج بانی پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی سے اڈیالہ جیل میں ملاقات کا دن تھا، بشریٰ بی بی سے ملاقات کیلئے ان کے فیملی ممبران اڈیالہ جیل پہنچے تھے

راولپنڈی (ویب ڈیسک) عمران خان سے ملاقات کے لیے اڈیالہ جیل آئے متعدد رہنماؤں کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

روکنے پر کارکنان جیل روڈ پہنچ گئے اور احتجاج کرتے ہوئے پولیس پر پتھراؤ کردیا، کارکنان نے جیل جانے کی کوشش کی عمر ایوب نے روک دیا، متعدد کو گرفتار کرلیا گیا۔ ذرائع کے مطابق آج بانی پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی سے ملاقات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

سپریم کورٹ کا 9 مئی سے متعلق کیسز کا ٹرائل 4 ماہ میں مکمل کرنے کا حکم

چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے نوٹس خانت منسوخی کے لیے اپیلوں پر سماعت ساعت کی، انسداد دہشت گردی کی عدالتوں پر اعتماد کریں: چیف جسٹس

انسداد دہشت گردی عدالتیں ہر 15 روز میں ٹرائل سے متعلق پیش رفت رپورٹس متعلقہ ہائی کورٹس میں جمع کرائیں: عدالت، دوران سماعت خدیجہ شاہ کے وکیل سمیر کھوسہ عدالت میں پیش ہوئے



چیف جسٹس نے نوٹس خانت منسوخی کے لیے اپیلوں پر سماعت ساعت سے متعلق پیش ہوئے

عدالتیں ہر 15 روز میں ٹرائل سے متعلق رپورٹس متعلقہ ہائی کورٹس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد (این این آئی) کارٹرائل جاری ہے، مکمل کرنے کا حکم دے دیا، چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے 9 مئی سے متعلق کیسز کا ٹرائل 4 ماہ میں مکمل کرنے کا حکم دیا ہے، عدالت نے حکم دیا کہ انسداد دہشت گردی عدالتیں ہر 15 روز میں ٹرائل سے متعلق رپورٹس متعلقہ ہائی کورٹس میں جمع کرائیں، عدالت نے حکم دیا کہ انسداد دہشت گردی ساعت کی، عدالت نے حکم دیا کہ انسداد دہشت گردی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اور آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر انوسٹمنٹ فورم میں سٹال کا معائنہ کررہے ہیں

چاغی بلوچستان میں سونے اور تانبے کے ذخائر دریافت

تانگ گور کے مقام پر مضبوط معدنیاتی زون کی تصدیق کے بعد ایڈوانس ڈرلنگ کا کام شروع

اسلام آباد (ویب ڈیسک) بلتھل ریسورسز لمیٹڈ (این آر ایل) نے چاغی بلوچستان میں سونے اور تانبے کے ذخائر کی دریافت کا اعلان کردیا، این آر ایل کے چیئرمین اور گلی سینٹ کے چیف ایگزیکٹو آفتیمر محمد علی ہنے پاکستان منرز انوسٹمنٹ فورم 2025 سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے کہا کہ پاکستانی عوام کے جذبات سے ہمیں طاقت ملتی ہے، ہم اپنی مہارت سے پاکستان کو روشناس کرائیں، سرمایہ کاری کے مواقع تلاش کریں اور وسائل کی وسیع صلاحیت کے فروغ اور ترقی میں ہمارے ساتھ شراکت داری کریں

عوام کے خون پسینے کی معدنی ذخائر ہیں، مایوسی کی گنجائش نہیں، آرمی چیف

ہم بین الاقوامی اداروں کو خوش آمدید کہتے ہیں کہ وہ اپنی مہارت سے پاکستان کو روشناس کرائیں، سرمایہ کاری کے مواقع تلاش کریں اور وسائل کی وسیع صلاحیت کے فروغ اور ترقی میں ہمارے ساتھ شراکت داری کریں

پاکستان کی معدنیات کی دولت کو اخذ کرنے کے لیے انجینئر، جیالوجسٹ، آپریٹر اور بہت سے ماہر کان کن درکار ہیں، اسی لیے ہم اس شعبے کی ترقی کے لیے طلبہ کو بیرون ملک تربیت کے لیے بھی بھیج رہے ہیں

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اور آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر انوسٹمنٹ فورم میں سٹال کا معائنہ کررہے ہیں

یتیم بچوں کو ایس او ایس ویلیجز میں چھت فراہم کرنا قابل تحسین ہے، مریم نواز

بے بس اور لاوارث بچوں کا سہارا بننے پر ایس او ایس ویلج کی سماجی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ یتیم اور بے سہارا بچوں کو ایس او ایس ولیج میں تحفظ چھت، معیاری تعلیم فراہم کرنا قابل تحسین ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

ایس او ایس چلڈرن ویلج انٹرنیشنل کے صدر ڈیرک ایس او ایس چلڈرن ویلج انٹرنیشنل کے صدر ڈیرک وردوفا سے ملاقات بھی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)



توڑ پھوڑ، جلاؤ گھیراؤ کیس، فواد چوہدری، مراد جمشید چنہ و دیگر کی ضمانتوں میں توسیع

لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے 9 مئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

بشریٰ بی بی کیخلاف 29 مقدمات کی ساعت، کوئی وکیل عدالت پیش نہ ہوا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی کی عدالت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

اسلام آباد: ڈپٹی وزیراعظم اسحاق ڈار سے آذربائیجان کے وزیر برائے اکانومی ملاقات کررہے ہیں

پائیدار شرح سے کام کیلئے معدنی وسائل بھرپور استعمال کرنا ہوگا، سچ ڈار

پاکستان ترقی کے نئے دور میں داخل ہورہا، معاشی اشاریے مثبت، عالمی ادارے بھی معاشی ترقی کا اعتراف کررہے، منرز فورم سے خطاب

پاکستان میں سونے اور تانبے کے بڑے ذخائر موجود ہیں، معدنی وسائل کو بروئے کار لانے کیلئے زیادہ سے زیادہ سرمایہ کاری درکار ہے

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان اقتصادی ترقی کے نئے دور میں داخل ہورہا ہے، پائیدار معاشی عوام کو فوکسڈ مہم اور جعلی ای میلز کے ذریعے پھر سے نشانہ بنانے کا انکشاف

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان عوام کو فوکسڈ مہم اور جعلی ای میلز کے ذریعے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

حکومت کا 14 اپریل کو پنجابی ثقافت کا دن منانے کا فیصلہ

مکوآنہ (این این آئی) بیسل آباد سمیت صوبہ بھر میں 14 اپریل کو پنجابی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

کسٹمر حکام نے کروڑ ملایت کے موبائل سمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی

لاہور (این این آئی) کسٹمر حکام کے علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ایک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)



راولپنڈی: وفاقی وزیر برائے تجارت حسین کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

9 مئی احتجاج یا ریلی نہیں، ادارے پر حملہ تھا، رپورٹ سپریم کورٹ میں پیش

پنجاب کے 38 شہروں میں توڑ پھوڑ کرتے ہوئے املاک کو نقصان پہنچایا گیا، پنجاب حکومت نے رپورٹ سپریم کورٹ میں جمع کروادی

پرتشدد احتجاج کے سبب 197 اشارے 348 ملین روپے کا ملک کو نقصان ہوا اور 152 پولیس افسران اور اہلکار زخمی ہوئے: رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں جمع کروائی گئی سانحہ سے متعلق رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ پنجاب میں 9 مئی ہنگاموں سے 19 کروڑ 70 لاکھ روپے کا نقصان ہوا جبکہ 9 مئی کے 24 ہزار 595 زخمان حامل ظہور ہیں۔ رپورٹ کے مطابق 9 مئی پر پنجاب کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)



اسلام آباد: اعلیٰ سطحی سعودی وفد وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم علی پرویز ملک سے ملاقات کررہا ہے



لاہور: صدر مسلم لیگ ن نواز شریف سے چوکر گری ایمبیسڈر ڈینس کے سی ای او ایگ چنگ ڈاؤ ملاقات کررہے ہیں

2025 سے خطاب کرتے ہوئے آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے کیا کہا؟ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

سٹاک مارکیٹ میں ریکارڈ مندی کے بعد بحالت رجحان، ایک لاکھ 16 ہزار پوائنٹس کی حد بحال

کراچی (این این آئی) کرشنہ روزی ریکارڈ مندی کے بعد آج پاکستان سٹاک مارکیٹ میں کاروبار کے دوران بحالت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

پنجاب میں شدید گرمی کے باعث ہیٹ ویو کا خطرہ، الرٹ جاری

10 اور 11 اپریل کے درمیان لاہور اور پنجاب کے بعض اضلاع میں بادلوں کا سسٹم داخل ہوگا

لاہور (این این آئی) پنجاب میں موسم شدید گرم اور خشک ہونے کے بعد متعلقہ محکمے کی جانب سے ہیٹ ویو کا الرٹ جاری کردیا گیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق لاہور سمیت صوبے بھر میں خشک موسم کا سلسلہ جاری ہے جبکہ گرمی کی شدت میں بھی بتدریج اضافہ ہونے لگا ہے اور دن کی طرح رات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

توڑ پھوڑ، جلاؤ گھیراؤ کیس، فواد چوہدری، مراد جمشید چنہ و دیگر کی ضمانتوں میں توسیع

لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے 9 مئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

بشریٰ بی بی کیخلاف 29 مقدمات کی ساعت، کوئی وکیل عدالت پیش نہ ہوا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی کی عدالت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

اتفاق رکھے، اور جیل والوں کیلئے کوئی اقدام اٹھائیں، شاہ محمود قریشی

جیل میں پڑے لوگ بی ٹی آئی کی باہر موجود قیادت کی طرف دیکھ رہے ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما سابق وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ جیل میں پڑے لوگ بی ٹی آئی کی باہر موجود قیادت کی طرف دیکھ رہے ہیں، استدعا ہے کہ آپس میں اتفاق رکھیں اور جیل والوں کے لیے کوئی اقدام کریں۔ استدلال (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

جیل میں بہتر سہولتیں، بشریٰ بی بی کی درخواست قابل ساعت ہونے پر فیصلہ محفوظ

اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس اعجاز انیس مندوخیل نے رجسٹرار ہائیکورٹ اعتراض کے ساتھ ساعت کی درخواست قابل ساعت ہونے پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے جیل میں بہتر سہولیات فراہمی کی بشریٰ بی بی کی

ایکس کی بندش، عدالت نے اٹارنی جنرل کو ذاتی حیثیت میں طلب کرلیا

اٹارنی جنرل پاکستان تیاری کے ساتھ پیش ہو کر تمام لیگل معلومات پر روشنی ڈالیں: چیف جسٹس

لاہور (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس کی بندش پر اٹارنی جنرل آف پاکستان کو ذاتی حیثیت میں طلب کرلیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ مس عالیہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)

اسلام آباد: وفاقی وزیر احمد کمال خان سے ای سی او ڈاکٹر اسد محمد خان ملاقات کررہے ہیں

پی ٹی آئی رہنماؤں کی آپسی لڑائیاں، بیرسٹر گوہر کے راضی نامے پر آمادہ کرلیا

علی امین اختلافات ختم کرنے پر رضامند ہوگئے ہیں، اسد قیصر، عاطف خان اور شہرام ترکی بھی اختلافات ختم کرنے پر متفق ہیں، پارٹی ذرائع

ہماری ساری قوت بانی چیئرمین اور دیگر گرفتار رہنماؤں کی رہائی پر ہونی چاہیے، اختلافات سے کارکنان اور قائدین پریشان ہیں، بیرسٹر گوہر

پشاور (این این آئی) تحریک انصاف کے رہنماؤں کی ملاقاتیں کنڈاپور، اسد قیصر، عاطف خان اور شہرام ترکی سے بات چیت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

ناے پر آمادہ کرلیا ہے۔ پارٹی ذرائع کے مطابق پختونخوا اعلیٰ امین گنڈاپور، اسد قیصر، عاطف خان اور پاکستان تحریک انصاف میں اختلافات کے معاملے پر بیرسٹر گوہر نے پی ٹی آئی سے بیرسٹر گوہر نے فریقین کو راضی کرنے پر آمادہ کرلیا ہے۔ انہوں نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے ساتھ ملاقات کی، جس میں گنڈاپور اور دیگر رہنماؤں کی رہائی پر ہونی چاہیے، اختلافات سے کارکنان اور قائدین پریشان ہیں، بیرسٹر گوہر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

صوبہ بھر کے سرکاری ہسپتال، ہیلتھ مینیجمنٹ کی مسلسل مانیٹرنگ کی جارہی ہے، سلمان رفیق

ایم ایس حضرات کو بھی حالات کی بہتری کیلئے کوشش اور محنت کرنی ہوگی، صوبائی وزیر صحت

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل ڈاکٹر محمد ہمایوں اور ڈپٹی سیکرٹری ٹیکنیکل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

اپنی سرزمین پر امریکی کمپنیوں کے حقوق کا تحفظ کریں گے، چین

بیجنگ (این این آئی) چین امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے اس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

غزہ جنگ پر برطانیہ میں مسلمانوں کی تنہائی کا باعث بن رہی ہے، رابطہ عالم اسلامی

لندن (این این آئی) رابطہ عالم اسلامی کے سربراہ نے کہا ہے کہ غزہ جنگ نوجوان برطانوی مسلمانوں کو مایوسی اور تنہائی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

توڑ پھوڑ اور بدامنی ثابت ہونے پر برطانوی نوجوان کو جیل بھیج دیا گیا

لندن (این این آئی) برطانیہ میں 20 سالہ نوجوان محمد علی کو کرشنہ سال اگست میں برمنگھم کے بریڈلے گرین میں پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

ٹرمپ کا تجارتی ٹیرف لگانے کے اپنے اختیارات کو محدود کرنے والا بل ویٹو کرنے کا فیصلہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ تجارتی ٹیرف لگانے کے اپنے اختیارات کو محدود کرنے والے بل کو ویٹو کردیں گے۔ یہ بات مقرنی میڈیا نے وائٹ ہاؤس کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

لاہور: وزیر قانون پنجاب ملک صہیب احمد قہرتھ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

غزہ کے لوگوں کو کہیں بھی جانے کا انتخاب کرنا چاہیے، نیتن یاہو

صدر ٹرمپ سے غزہ اور شام سے متعلق بھی گفتگو ہوئی، اسرائیلی وزیراعظم

واشنگٹن (این این آئی) اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو نے کہا ہے کہ غزہ کے لوگوں کو کہیں بھی جانے کا انتخاب کرنا چاہیے، نیتن یاہو نے کہا ہے کہ غزہ کے لوگوں کو کہیں بھی جانے کا انتخاب کرنا چاہیے۔ بین الاقوامی میڈیا کے مطابق واشنگٹن میں امریکی صدر سے ملاقات کے بعد نیتن یاہو نے بتایا ہے کہ ان کی صدر ٹرمپ سے غزہ اور شام سے متعلق بھی گفتگو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

شوکت خانم فلاحی اور ناشوق چوک کے منصوبے پر دوبارہ کام شروع

لاہور (این این آئی) شوکت خانم فلاحی اور ناشوق چوک سے متعلق سعد حمید کے منصوبے پر دوبارہ کام شروع کردیا گیا، واسا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

پاکستان آرمی اور ایئر فورس کا مشترکہ فائر پاور کا عملی مظاہرہ

فائر پاور مظاہرے میں فائر پاور اور کمیونیکیشن نیٹ ورک کی ہم آہنگی کا عملی نمونہ پیش

جہلم (این این آئی) علہ فیلڈ فائرنگ رینج میں پاکستان ملٹری اکیڈمی کے کیڈٹس کیلئے پاکستان آرمی اور ایئرفورس نے مشترکہ فائر پاور کا شاندار مظاہرہ کیا گیا۔ یہ فائر پاور مظاہرہ ویل ایم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

بھارت کا جنگی جنون جاری، اسرائیلی ساختہ فضائی دفاعی نظام کا تجربہ

یہ میزائل سسٹم اسرائیلی کمپنی اور بھارتی اسلحہ ساز کمپنی ڈی آر ڈی او نے مل کر تیار کیا ہے

نئی دہلی (این این آئی) بھارت نے اپنا جنگی جنون جاری رکھتے ہوئے اسرائیلی ساختہ فضائی دفاعی میں بھارت اسرائیل گٹھ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)



لاہور: صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور رمیش سنگھ ارورڑ محکمہ داخلہ میں اجلاس کے دوران ویڈیو لنک کانفرنس کے ذریعے خطاب کررہے ہیں

روزنامہ "قوت" لاہور (2) 9 اپریل 2025



صوبائی دارالحکومت میں وارداتوں نے شہریوں کو غیر محفوظ بنا کر رکھ دیا

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف جرائم کی 289 وارداتیں رپورٹ

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں وارداتوں نے شہریوں کو غیر محفوظ بنا کر رکھ دیا، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف جرائم کی 289 وارداتیں رپورٹ، پولیس ذرائع کے مطابق لقب ڈنی کی وارداتوں میں چور شہر کے مختلف علاقوں میں 13 گھروں سے لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے، راہزنی کی وارداتوں میں ڈاکوؤں نے شہریوں سے اسلحے کے زور پر 1 افراد سے لاکھوں روپے، 2 شہریوں سے موٹر سائیکلیں، ایک شہری سے کار اور موبائل فون چھین لیے، چھینا جھپٹی کی 3 وارداتوں میں ڈاکوؤں نے شہریوں سے موٹر سائیکلیں، 1 دیگر وہیکل 3، موبائل چوری ہو گئے اور مختلف تھانوں میں متفرق چوری 202 وارداتیں رپورٹ ہوئیں۔



صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کی محکمہ داخلہ میں اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چوکی صوئے اصل پولیس نے کاہنہ کے علاقے سے 60 لاکھ روپے کی میڈیسن چوری کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا

چوکی نادر آباد پولیس نے 08 سالہ بچی کے ساتھ زیادتی کی کوشش کرنے والا ملزم گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) چوکی صوئے اصل پولیس نے کاہنہ کے علاقے سے 60 لاکھ روپے کی میڈیسن چوری کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا ترجمان کے مطابق ملزم کو گرفتار کرنے کی کاروائی کے دوران میڈیسن چوری کرنے والے مطر عالمگیر وہ میں انچولی بھی پیش ہیڈ ریٹس کر کے پانڈو کی گاؤں سے گرفتار کر کے اس کے قبضے سے چند روٹیکل میڈیسن بھی برآمد کی جانے والی 60 لاکھ روپے مالیت کی میڈیسن اور پستول برآمد کر لی پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم کے دیگر ساتھی کی گرفتاری کیلئے چھاپے جاری ہیں۔

لاہور (کرائم رپورٹر) چوکی نادر آباد پولیس نے 08 سالہ بچی کے ساتھ زیادتی کی کوشش کرنے والا ملزم گرفتار کر لیا ترجمان کے مطابق ایس پی کینٹ کی ہدایت پر چوکی نادر آباد پولیس نے 15 کے کامل پروری ایکشن کرتے ہوئے 08 سالہ بچی کے ساتھ زیادتی کی کوشش کرنے والا ملزم راشد گرفتار کر لیا پولیس کا کہنا ہے کہ بچی گھر سے باہر کھیل رہی تھی کہ ملزم بہلا پھسلا کر بچی کو اپنے گھر لے گیا جہاں اس نے مبینہ طور پر بچی کے ساتھ زیادتی کی کوشش کی متاثرہ بچی کی والدہ کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے ملزم راشد کے خلاف کارروائی کے لیے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کے حوالے کر دیا گیا ہے

ٹریفک پولیس جدید ٹیکنالوجی کی راہ پر

گامزن، ٹریفک پولیس کا شہریوں کی سہولت کیلئے ایک اور احسن اقدام سامنے آ گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ٹریفک پولیس جدید ٹیکنالوجی کی راہ پر گامزن، ٹریفک پولیس کا شہریوں کی سہولت کیلئے ایک اور احسن اقدام سامنے آ گیا، ڈرائیونگ ٹریننگ سینٹرز میں جدید ترین ڈرائیونگ سمیولیٹر نصب کر دیا گیا، لاہور، راولپنڈی، فیصل آباد، گوجرانوالہ و دیگر میں سمیولیٹر نصب کیا گیا، سمیولیٹر کی تنصیب سے ڈرائیونگ کا جدید خطوط پر استوار کرنے کی کوشش ہے، ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ کا کہنا کہ ٹریفک پولیس کو جدید ٹیکنالوجی سے لیس کیا جا رہا ہے، خواتین محفوظ ماحول میں با آسانی ڈرائیونگ تربیت حاصل کر سکتی ہیں۔

سیف سٹی کیمروں کے ثمرات پنجاب کے ضلع شیخوپورہ میں بھی نظر آنے لگے

ون ویلنگ کرنے والے اوباش نوجوان سمارٹ سیف سٹی کیمروں کی مدد سے گرفتار

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر سیف سٹیز اتھارٹی کی دائر کار آمادی کے لحاظ سے پاکستان کے سب سے بڑے صوبے پنجاب کے تمام اضلاع میں تیز تر پھیلاؤ جاری ہے، ضلع شیخوپورہ کے اوباش نوجوان جو سیف سٹی کیمروں کے ذریعے جرائم کی روک تھام کیلئے 24 گھنٹے نگرانی کی عمل کا پہلی بار شکار ہوئے، شیخوپورہ میں مختلف شاہراؤں پر معمول کی نگرانی کے دوران سیف سٹی و پرتگل پٹرولنگ آفیسرز نے ون ویلنگ کرنے والوں کو گرفتار کر لیا۔

کوٹ لکھپت اور چونیانوالی سے دو افراد لاپتا

دو افراد کی لاشیں برآمد

لاہور (کرائم رپورٹر) کوٹ لکھپت اور چونیانوالی سے دو افراد کی لاشیں برآمد، پولیس نے لاشیں مردہ خانے منتقل کر کے لواحقین کی تلاش شروع کر دی، ایدھی ترجمان کے مطابق کوٹ لکھپت میں 22 سالہ نوجوان کی لاش فٹ پاتھ کے کنارے مردہ حالت میں پایا گیا جبکہ چونیانوالی میں شہری بابی پاس کے قریب 60 سالہ بزرگ شہری بے ہوشی کی حالت میں ملا جسے فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا گیا تاہم وہ جانبر نہ ہو سکا، ایدھی ترجمان کا مزید کہنا ہے کہ دونوں افراد کی شناخت ابھی نہیں ہو سکی ہے، متعلقہ پولیس نے دونوں لاشیں مردہ خانے منتقل کر کے لواحقین کی تلاش شروع کر دی

سابق وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ اور امین پنجاب بیت المال خواجہ محمد وسیم کی زیر صدارت اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں سیکرٹری سوشل ویلفیئر محمود ذکی، ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر صفدر عباس، اور کونسل کے ممبران نے شرکت کی

لاہور (صدا الطاف چوہدری سے) پنجاب بیت المال کونسل کا اجلاس صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ اور امین پنجاب بیت المال خواجہ محمد وسیم کی زیر صدارت منعقد ہوا، اجلاس میں سیکرٹری سوشل ویلفیئر جاوید اختر محمود، ذکی سوشل ویلفیئر محمد طارق قریشی، ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر صفدر عباس، اور کونسل کے ممبران نے شرکت کی۔ وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال نے "امید" تو پروگرام کی شاندار کامیابی پر پنجاب بیت المال کو خراج تحسین پیش کیا اور اس پروگرام کو جاری رکھنے کا اعلان کیا۔

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3)9 اپریل 2025ء

ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کی زیر صدارت انسداد ڈینگی کے حوالے سے اجلاس

سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر محمد شہباز، فوکل پرسن ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد طارق کے علاوہ انفارمیشن زراعت، لائیوسٹاک، انڈسٹریز، پاپولیشن، ریسکیو 1122، سول ڈیفنس، انڈسٹریز، ماحولیات، تعلیم ہائر ایجوکیشن، ضلع کونسل، میونسپل کمیٹیز، فوڈ اتھارٹی، پینشل ایجوکیشن، ہائی ویز، بلڈنگ کے افسران نے شرکت کی



شکر گڑھ (عمران عارف سے) ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کی زیر صدارت انسداد ڈینگی کے حوالے سے اجلاس کا انعقاد سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر محمد شہباز، فوکل پرسن ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد طارق کے علاوہ انفارمیشن زراعت، لائیوسٹاک، انڈسٹریز، پاپولیشن، ریسکیو 122، سول ڈیفنس، انڈسٹریز، ماحولیات، تعلیم، ہائر ایجوکیشن، ضلع کونسل، میونسپل کمیٹیز، فوڈ اتھارٹی، پینشل ایجوکیشن، ہائی ویز، بلڈنگ کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں رواں ہفتے کے دوران کیے جانے والی انسداد ڈینگی اقدامات پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نارووال نے اس موقع پر انسدادی اقدامات کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو ڈینگی سرویلنس سرگرمیوں کو مزید تیز کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ ہاٹ سپاٹس کو مسلسل روزانہ کی بنیاد پر چیک کیا جائے اور روزانہ کی بنیاد پر رپورٹ فراہم کی جائے۔ سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر محمد شہباز اور فوکل پرسن ڈاکٹر محمد طارق نے ڈپٹی کمشنر نارووال کو ڈینگی سرویلنس کے حوالے سے رواں ہفتے کے دوران محکمہ صحت کی طرف سے کی جانے والی کاروائیوں کے بارے بتایا کہ اس دوران 414 انڈور کی طرف سے 65 ہزار 571 ہاؤسز اور 74 آؤٹ ڈور ٹیموں کی طرف سے 13 ہزار 636 ڈینگی ایکٹیویٹیز کی گئیں اور 1647 ہاسپاٹ سوفیسد چیک کیے گئے جبکہ ڈینگی سرویلنس ایس او پیز کے حوالے سے 62 نوٹسز جاری کیے گئے۔

جہلم شہر دوبارہ تجاوزات کی زد میں

وزیر اعلیٰ پنجاب چیف سیکرٹری پنجاب کمشنر راولپنڈی کے احکامات ہوا میں اڑا دیے گئے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر میں دوبارہ تجاوزات کی زد میں وزیر اعلیٰ پنجاب چیف سیکرٹری پنجاب کمشنر راولپنڈی کے احکامات ہوا میں اڑا دیے گئے تجاوزات کے خلاف کیے گئے تمام اقدامات مذاق بنکر رہ گئے ایک بار پھر شہر کے بازاروں سے پیدل گزرنا ایک بار پھر مشکل ہو گیا شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب چیف سیکرٹری پنجاب کمشنر راولپنڈی سے جاری ہونے والے احکامات پر عملدرآمد کروانے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر چیف سیکرٹری پنجاب کمشنر راولپنڈی نے راولپنڈی ڈویژن میں بھی تجاوزات کے خلاف مہم پر عملدرآمد شروع کروایا تھا جو روزنامہ تک شہریوں میں قائم پختہ تجاوزات گرا کر بازاروں کو صاف اور کشادہ کیا گیا جس پر شہری حلقوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب کے احکامات پر خوشی کا اظہار کیا۔ لیکن یہ خوشی بھی مہمان ٹھہری عیدالفطر کے دنوں میں انتظامیہ نے تجاوزات مافیا کے خلاف کاروائیاں روک دیں اور ریڑھی بانوں نے بازاروں میں دوبارہ سے قبضے کرنے اور تجاوزات قائم کرنی شروع کی اسطرح اب ایک مرتبہ پھر شہر کے بازار تنگ و تاریک گلیوں میں تبدیل ہو چکے ہیں ریڑھی پھڑی والوں نے عید تک سہولت فراہم کرنے کے نام پر دوبارہ بازاروں میں عارضی تجاوزات قائم کر لیں جو عید گزرنے کے بعد بھی ختم نہیں ہو سکیں ذمہ دار ذرائع نے بتایا ہے کہ بازاروں میں دوکانداروں اور ریڑھی پھڑی والوں کو عید تک سہولت دینے میں ایم سی انتظامیہ کی کردار ہے شہریوں نے وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف چیف سیکرٹری پنجاب کمشنر راولپنڈی سے نوٹس لینے اور تجاوزات کے خاتمے کا مطالبہ کیا ہے

ڈپٹی کمشنر کا بابا فرید الدین گنج شکر مزار پر جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ

عارف والا (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر ماریہ طارق کی زیر صدارت دربار حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکر (رح) پر جاری ترقیاتی کاموں کی پیش رفت کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں متعلقہ محکموں کے افسران، محکمہ اوقاف، محکمہ بلڈنگ اور دیگر اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران دربار شریف کے ترقیاتی منصوبے، زائرین کی سہولیات، صفائی، پینے کے صاف پانی کی فراہمی، سکیورٹی، روشنی کے انتظامات اور ترجیحی آرائش پر ہونے والے کاموں پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر ماریہ طارق نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی کاموں کو مقررہ وقت میں مکمل کیا جائے اور معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔

تحصیل مانیٹرنگ آفیسر ایل ڈبلو ایم سی صوفی نعمان ریاض کو تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا گیا

اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بھی موجود تھے



شرقپور شریف (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ کی جانب سے تحصیل مانیٹرنگ آفیسر ایل ڈبلو ایم سی فیروز والا صوفی نعمان ریاض کو عیدالفطر کے موقع پر تحصیل میں بہترین صفائی کروانے پر تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر عمران مارتھ نے کہا کہ تھرا پنجاب مہم کی کامیابی کے لئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام سے بھی اپیل ہے کہ وہ اپنے گلی محلوں اور علاقوں کو صاف ستھرا رکھنے میں اپنا کردار ادا کریں۔

پاکستان پیپلز پارٹی کا کارکن ناراض ہو سکتا ہے: امان اللہ سندھو

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) سابق صدر ڈسٹرکٹ بار امان اللہ سندھو نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کا کارکن ناراض ہو سکتا ہے مگر اس سے علیحدہ نہیں رہ سکتا۔ پاکستان پیپلز پارٹی ایک فلسفہ قربانیوں کی داستاں اور تاریخ کا نام ہے۔ پاکستان کے لئے سب سے زیادہ قربانیاں اسی جماعت نے دی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں کے ایک وفد سے ملاقات کے دوران کی۔ انہوں نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے مخصوص طبقہ کی بجائے عام آدمی کے مسائل پر زور دیا، کسانوں، مزدوروں کو ان کے حقوق سے آگاہ کیا۔ آج بلاول بھٹو زرداری اس علم کو بلند کیے ہوئے ہیں یہی وجہ ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی مقبولیت میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے۔ بلاول بھٹو کی نوجوان قیادت میں یہ پاکستان کی واحد جماعت ہے

گوجرانوالہ میں تجاوزات اور غیر قانونی ریڑھیاں، ٹریفک کی روانی متاثر، انتظامیہ خاموش

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال) گوجرانوالہ شہر میں ناجائز تجاوزات اور غیر قانونی ریڑھیوں کے باعث ٹریفک کا نظام درہم برہم ہو گیا ہے۔ اندرون شہر اور مرکزی شاہراہوں پر ریڑھی بانوں نے سڑکوں پر قبضہ جما رکھا ہے، جس کی وجہ سے گاڑیوں کی آمدورفت میں شدید مشکلات پیش آ رہی ہیں، جبکہ ضلعی انتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ شہر کے مختلف علاقوں، بالخصوص جی ٹی روڈ، سیالکوٹ روڈ، گوندلانوالہ چوک اور گھنٹہ گھر بازار میں ناجائز تجاوزات کی بھرمار ہے۔ ریڑھی بانوں نے سڑک کے ایک بڑے حصے پر قبضہ جما کر اپنی دکانیں لگا رکھی ہیں۔

سردار ذوالفقار علی دولہا اور ضلعی جنرل سیکرٹری راجہ مظہر ہستال کے ہمراہ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے خصوصی ملاقات

گورنر پنجاب پاکستان پیپلز پارٹی چکوال تنظیم اور کارکنان کی جانب سے منعقد عید ملن عشائیہ میں خصوصی شرکت کریں گے



چکوال (ایم ایوب سلطانی) راجہ رضوان ڈنڈوت ضلعی صدر پاکستان پیپلز پارٹی چکوال نے سابق ایم این اے سردار ذوالفقار علی دولہا اور ضلعی جنرل سیکرٹری راجہ مظہر ہستال کے ہمراہ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے خصوصی ملاقات کی اور ڈنڈوت آنے کی دعوت دی جو گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے قبول کر لی انشاء اللہ 18 اپریل بروز جمعہ شام 00:4 بجے گورنر پنجاب ڈنڈوت تشریف لائیں گے جہاں پر وہ پاکستان پیپلز پارٹی چکوال تنظیم اور کارکنان کی جانب سے منعقد عید ملن عشائیہ میں خصوصی شرکت کریں گے۔

خواجہ صفدر و کشمیر روڈ کو ماڈل روڈ قرار دے دیا گیا ہے: DSP ٹریفک سیالکوٹ

ڈرائیورز دوران ڈرائیونگ ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔ سید شفقت رسول



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن کے پیش نظر لوگوں کو ٹریفک کی بہترین سروس مہیا کرنے کی خاطر سیالکوٹ کی مشہور ترین شاہراہوں کشمیر روڈ اور خواجہ صفدر روڈ کو ماڈل روڈ قرار دے دیا گیا ہے۔ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ ان روڈ پر ڈرائیونگ کرتے ہوئے ذمہ داری کا ثبوت دیں لین اور لائن کی پابندی کریں ان باتوں کا اظہار انچارج سیالکوٹ ٹریفک پولیس ایجوکیشن ونگ ڈاکٹر سید شفقت رسول نے ڈی ایس پی سٹی مبشر قادر کے ہمراہ آن روڈ ٹریفک قوانین آگاہی مہم کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ ون وے کی خلاف ورزی سے اجتناب کریں کیونکہ یہ ٹریفک کی روانی میں خلل کے علاوہ حادثے کا بھی سبب بنتی ہے۔ ٹریفک ایجوکیشن ونگ سیالکوٹ نے لاری اڈہ پر جا کر بسوں اور ویگنوں کے ڈرائیورز کو بریف کیا کہ وہ مقررہ سٹاپ پر ہی سواری اتاریں اور وہاں ہی سے مسافر سوار کریں روڈ کی ہمیشہ انتہائی بائیں جانب چلیں۔ دوران ڈرائیونگ موبائل فون کا استعمال نہ کریں۔ DSP ٹریفک کا کہنا تھا کہ ان ماڈل روڈز پر معمول سے زیادہ اضافی نفری تعینات کی گئی ہے جس کا مقصد ٹریفک کے روانی کو ہر صورت برقرار رکھنا ہے۔

صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کا دورہ گوجرانولہ

ان کے ہمراہ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی، آر پی او طیب حفیظ چیمہ اور ڈپٹی کمشنر نوید احمد کے ہمراہ ممبران صوبائی اسمبلی محمد نواز چوہان، عمانوئیل اطہر اور دیگر بھی موجود تھے



گوجرانوالہ (نویدہ بخاری سے) صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے اپنے گوجرانوالہ میں فرانسیسی آباد کے دورے کے دوران ایسٹر کے حوالے سے ضلعی انتظامیہ کی طرف سے کیے جانیوالے اقدامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر رمیش سنگھ اروڑہ کا کہنا تھا کہ ایسٹر کے موقع پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خوشیاں منانے یہاں موجود ہونگی۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی، آر پی او طیب حفیظ چیمہ اور ڈپٹی کمشنر نوید احمد کے ہمراہ ممبران صوبائی اسمبلی محمد نواز چوہان، عمانوئیل اطہر اور دیگر بھی موجود تھے۔ صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ نے وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی جانب سے مذہبی اقلیتوں کے لیے کیے گئے اقدامات کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ یہ تاریخ میں پہلی مرتبہ ہو رہا ہے کہ ایک وزیر اعلیٰ اپنے دور میں تمام مذہبی اقلیتوں کے تہواروں میں خود شرکت کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کی یہ کاوشیں اقلیتی برادری کے لیے ایک بڑی تبدیلی اور حوصلہ افزائی کا باعث ہیں۔ صوبائی وزیر نے ضلعی انتظامیہ کو ایسٹر کے موقع پر تمام انتظامات کو حتمی شکل دینے کی ہدایت کرتے ہوئے صفائی ستھرائی کے انتظامات، بیکیورٹی اور عوامی سہولت کے اقدامات کو یقینی بنانے کی اہمیت پر زور دیا تاکہ یاتریوں اور وزیٹرز کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ ایسٹر کے موقع پر فرانسیسی آباد میں ہونے والی تقریبات کی کامیابی کے لیے تمام محکموں کو بہترین تعاون فراہم کرنے کی ضرورت ہے، اور یہ انتظامات اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ مذہبی اقلیتوں کو اپنے تہواروں میں مکمل سہولت اور حفاظت فراہم کی جائے۔

درخت اللہ تعالیٰ کی نعمت عظمیٰ ہے جس کے ساتھ دنیا میں بھی رفاقت ہے: افادیہ شاہ

درخت جنت کا بھی ساتھی ہے درخت انسان ہی نہیں بلکہ جانور، چرند و پرند کی حقیقی ضرورت ہے: چیئرپرسن ویمن ونگ دیہی ترقیاتی کونسل



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) چیئرپرسن ویمن ونگ دیہی ترقیاتی کونسل افادیہ شاہ نے کہا ہے کہ درخت اللہ تعالیٰ کی نعمت عظمیٰ ہے جس کے ساتھ دنیا میں بھی رفاقت ہے اور جنت کی تو پہچان ہی باغات اور درختوں کے ساتھ ہے اس لئے کہا جا سکتا ہے کہ درخت جنت کا بھی ساتھی ہے درخت انسان ہی نہیں بلکہ جانور، چرند و پرند کی حقیقی ضرورت ہے۔ جبکہ درخت انسان کو آکسیجن، سایہ، پھل اور ٹھنڈک کا بھی ذریعہ ہے۔ جب سے شجرکشی شدت سے جاری ہے دنیا کا موسمیاتی تبدیلیاں شروع ہیں جس کے اثرات ماحول پر نمایاں ہیں۔ درختوں کی بدولت انسان سانس لیتے ہیں درخت آکسیجن فراہم کرتا ہے۔ حسن انسانیت حضرت محمد ﷺ نے شجرکاری کو فروغ دینے کیلئے ایمان والوں پر مکمل قرار دیا۔ جو مسلمان درخت لگائے یا مکمل بوئے، پھر اس سے جو پرندہ یا انسان یا چوپایا کھائے تو وہ اس کی طرف سے صدقہ شمار ہوا ان خیالات کا اظہار انہوں نے پودے لگاتے ہوئے کیا اس موقع پر عاطف رشید ڈسٹرکٹ پاپولیشن آفیسر، ڈاکٹر ظہور احمد کنسلٹنٹ یورالوجسٹ ڈی ایچ کیو ہسپتال، رائے ناصر حسین اسسٹنٹ صنعت زار، رائے پی ایم صفدر گھرل ایڈووکیٹ سابق صوبہ بار، رشید احمد بھٹی صدر دیہی ترقیاتی کونسل، آمنہ عثمانی پراجیکٹ شیلٹر ہوم، لارا سب ڈاہر ایڈووکیٹ بھی موجود تھے

وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے اپنی رہائش گاہ پر شہر ہوں کے مسائل سنے

مسائل کے حل کیلئے متعلقہ محکموں کے مقامی حکام کو ہدایات جاری کیں



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی قائد، وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے اپنی رہائش گاہ پر شہر ہوں کے مسائل سنے اور ان کے حل کیلئے متعلقہ محکموں کے مقامی حکام کو ہدایات جاری کیں۔ رکن صوبائی اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ، خواجہ سلطان ٹیپو سمیت مسلم لیگ کے عہدیداران اور کارکنان نے بھی قائدین سے ملاقات کی۔ رکن صوبائی اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا بجلی کی قیمت میں کمی اور مہنگائی کہ شرح میں خاطر خواہ کمی مسلم لیگ ن کے قیادت اور اتحادی جماعتوں کی انتھک محنت کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم پاکستان محمد شہباز شریف نے لڑکھڑاتی معیشت کو اپنے پاؤں پر کھڑا کر دیا ہے اور آج اس ثمرات عوام کے ساتھ شیئر کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اللہ رب العزت نے مسلم لیگ ن کے ایک بڑے امتحان میں سرخرو کیا ہے اور وفاقی اور صوبے میں حکومت میاں محمد نواز شریف کے وژن کو آگے بڑھا رہی ہیں اور ملک کے طول و عرض میں ترقی کاموں کا جال بچھا دیا گیا ہے اور اسی طرح سیالکوٹ میں بھی میگا ترقیاتی منصوبوں کا آغاز کیا جا رہا ہے۔

ارکان پریس کلب کی حاجی یاسر ندیم شیخ اور عظیم علی شیخ سے ملاقات

عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد دی، انہیں پھولوں کے گلدستے پیش کیے



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پریس کلب شیخوپورہ کے وائس چیئرمین عبدالحمید بھٹی، جوائنٹ سیکرٹری میاں یاسر ندیم، انفارمیشن سیکرٹری غلام عباس گل، سابق فنانس سیکرٹری رانا محمد اکرم اور سابق انفارمیشن سیکرٹری رانا شاہد لطیف نے ارکان پریس کلب حاجی یاسر ندیم شیخ اور عظیم علی شیخ سے ملاقات کر کے انہیں عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد دی انہیں پھولوں کے گلدستے پیش کئے اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا حاجی یاسر ندیم شیخ اور عظیم علی شیخ نے تمام احباب کا مبارکباد دینے پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ عمرہ کی سعادت حاصل ہونا یقیناً خوش بختی ہے اللہ تعالیٰ کے حضور حاضر ہو کر ملکی ترقی و سلامتی اور جملہ دوست احباب کیلئے خیر و عافیت کی دعائیں کیں۔

حکومت پنجاب نے جواد حسین ملک کو پنڈی بھٹیاں میں نیا اسسٹنٹ کمشنر تعینات کر دیا

انہوں نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر فرائض کی ادائیگی شروع کر دی ہے



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حکومت پنجاب نے جواد حسین ملک کو پنڈی بھٹیاں میں نیا اسسٹنٹ کمشنر تعینات کر دیا ہے جنہوں نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر فرائض کی ادائیگی شروع کر دی ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر جواد حسین ملک کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے عوامی ریلیف کے ویژن کے تحت عوام الناس کو درپیش مسائل کا فوری حل ہماری اولین ترجیح ہے۔ عوام الناس بغیر کسی سفارش اپنے مسائل کے حل کے لیے میرے دفتر تشریف لا سکتے ہیں انکا کہنا تھا کہ ہمارا فرض عوامی مسائل کے پائیدار اور مستقل حل کو یقینی بنا کر انہیں ہر ممکن طریقہ سے ریلیف فراہم کرنا ہے اس لیے میرے دفتر کے دروازے ہر خاص و عام کے لیے کھولے ہیں۔

ضلع کی تعمیر و ترقی خوبصورتی اور عوام کو بہترین سہولتوں کی فراہمی کیلئے پرعزم ہیں: ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری سے) ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد نے کہا ہے کہ ضلع کی تعمیر و ترقی خوبصورتی اور عوام کو بہترین سہولتوں کی فراہمی کیلئے پرعزم ہیں، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل سے عوام کو مثبت تبدیلی نظر آئے گی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر پنجاب کا ہر شہر جدید ترین سہولتوں سے آراستہ ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تمام مکاتب فکر کے علماء کرام اور قبرستان امن کمیٹی کی طرف سے حسن کارکردگی پر مبارکباد دینے والوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر الحاج مولانا محمد اکبر نقشبندی، حاجی محمد یوسف کھوکھر، حافظ محمد جواد قاسمی، منیر حیدر نقوی، الحاج سرفراز احمد تارڑ، صاحبزادہ محمد نعمان صدیقی، علامہ محمد عارف اثری، علامہ محمد زبیر کٹھانہ، غلام مصطفے حجہ، ہارسلان حیدر جعفری، ملک عرفان، حافظ عدیل عارف، ماسٹر غلام قمر، حافظ عبدالجبار، مولانا عثمان غنی بٹ، حافظ شہباز رسول، وقاص چیمہ اور دیگر موجود تھے۔

ڈپٹی کمشنر ماریہ طارق کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ رجسٹریشن اتھارٹی کا اجلاس منعقد ہوا

اجلاس میں ضلع بھر کے نجی تعلیمی اداروں کی رجسٹریشن، تجدید اور سہولیات سے متعلق امور پر تفصیلی بارے محکمہ تعلیم کے حکام نے بریفنگ دی



عارف والا (نمائندہ قوت) ڈپٹی کمشنر ماریہ طارق کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ رجسٹریشن اتھارٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلع بھر کے نجی تعلیمی اداروں کی رجسٹریشن، تجدید اور سہولیات سے متعلق امور پر تفصیلی بارے محکمہ تعلیم کے حکام نے بریفنگ دی۔ اجلاس میں محکمہ تعلیم کے افسران، اتھارٹی کے اراکین اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر ماریہ طارق نے کہا کہ پرائیوٹ سکولوں کو قانون کے مطابق رجسٹریشن اور بروقت تجدید کو یقینی بنانا ہوگا۔ انہوں نے واضح کیا کہ بغیر رجسٹریشن کے کام کرنے والے اداروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے پرائیوٹ سکولوں کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ طلباء کو معیاری تعلیمی ماحول فراہم کریں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ سکولوں میں کلاس رومز میں مناسب روشنی، پینے کے صاف پانی، واش رومز، فرنیچر اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کی جسمانی و ذہنی نشوونما کے لیے ایک محفوظ، صاف ستھرا اور سہولتوں سے آراستہ تعلیمی ماحول انتہائی ضروری ہے۔ اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ اجلاس میں زیر التواء رجسٹریشن کیسز کا بھی تفصیل سے جائزہ لیا گیا اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی گئی کہ رجسٹریشن کے عمل کو شفاف اور بروقت مکمل کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کو صرف انہی سکولوں میں داخل کروائیں۔

چوہدری ارشد وڑائچ کی نماز جنازہ کینال سٹی میں ادا کی گئی

وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان و دیگر کی شرکت



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) پاکستان مسلم لیگ ن کے رکن صوبائی اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر بیت المال پنجاب چوہدری ارشد وڑائچ کی نماز جنازہ کینال سٹی میں ادا کی گئی۔ وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان، وزیر مملکت ارمغان سبحانی، صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر خاور بٹ، ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال، ایڈیشنل کمشنر (جنرل) فیصل اکرام، چوہدری طارق سبحانی، رانا فیاض، انجینئر خرم دستگیر خان، رانا نعیم خان، خرم ورک، نوید اشرف، رانا عارف ہرناہ، سیالکوٹ بزنس کمیونٹی و مختلف مکاتب فکر کے عمائدین شہر سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے سیکرٹری کوارڈینیشن ٹوسی ایم سید واجد علی شاہ نے خصوصی تعزیتی پیغام چوہدری ارشد وڑائچ کی صاحب زادی سابقہ چیئرمین ضلع کونسل حنا ارشد وڑائچ تک پہنچایا اس موقع پر سوگوار خاندان کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی گئی۔ نماز جنازہ معروف مذہبی اسکالر حافظ عمران بشیر نے پڑھائی۔

فلاورز فیسٹیول 2025 اختتام پذیر، ایسے پروگرامز شہریوں کی تفریح کا باعث بنتے ہیں: ڈپٹی کمشنر نارووال

پیٹ شو میں مختلف اقسام کے پالتو کتے، بلیاں اور دیگر پرندوں کی نمائش کی گئی اور پٹ شو میں لائے گئے مختلف رنگ و نسل کے پرندوں، بلیوں اور پالتو کتوں کو دیکھنے کیلئے ضلع بھر کے شائقین نے بھرپور تعداد میں شرکت کی



شکر گڑھ (عمران عارف سے) وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی پروفیسر احسن چوہدری کی ہدایات کی روشنی اور ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کی سربراہی میں فلاورز فیسٹیول 2025 اختتام پذیر فیسٹیول کے تیسرے روز محکمہ لائیوسٹاک نارووال کے زیر اہتمام فیض احمد فیض پارک میں برڈ اینڈ پٹ شو کا اہتمام کیا گیا۔ پیٹ شو میں مختلف اقسام کے پالتو کتے، بلیاں اور دیگر پرندوں کی نمائش کی گئی اور پٹ شو میں لائے گئے مختلف رنگ و نسل کے پرندوں، بلیوں اور پالتو کتوں کو دیکھنے کیلئے ضلع بھر کے شائقین نے بھرپور تعداد میں شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نارووال سید حسن رضا نے پیٹ شو میں بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی جبکہ ڈائریکٹر لائیوسٹاک گوجرانوالہ ڈاکٹر محمد انیس نے تقریب میں خصوصی طور پر شریک ہوئے۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیوسٹاک ڈاکٹر محمد سعید، ڈی آئی او احسان الحق، ڈپٹی ڈائریکٹرز ڈاکٹر فرحان توکل، ڈاکٹر محمد عاصم اقبال، ڈاکٹر محمد ابوبکر، اے ڈی آئی او ڈاکٹر نور العین سمیت دیگر ڈاکٹر صاحبان نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نارووال نے اس موقع پر محکمہ لائیوسٹاک کی ٹیم کو مبارکباد پیش کرنے کے ساتھ ساتھ پٹ شو کی بھرپور کامیابی پر ڈائریکٹر لائیوسٹاک گوجرانوالہ اور ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیوسٹاک نارووال سمیت ان کی ٹیم کو مبارکباد پیش کرنے کے ساتھ ساتھ پٹ شو کا حسن اقدام قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایسے پروگرامز شہریوں کی تفریح کا باعث بنتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ لائیوسٹاک کی ٹیم نے جس محنت اور جانفشانی سے پٹ شو کا انعقاد کیا ہے وہ قابل تحسین ہے اور امید ہے کہ مستقبل میں بھی محکمہ لائیوسٹاک کے زیر اہتمام ایسے پروگرام کا انعقاد کا سلسلہ جاری رہے گا۔ ڈپٹی کمشنر نارووال نے پٹ شو میں حصہ لینے والے خوبصورت اور صحت مند جانور کے مالکان کی حوصلہ افزائی کے لیے ان میں انعامات اور میڈل تقسیم کیے۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نارووال نے ڈائریکٹر لائیوسٹاک گوجرانوالہ اور محکمہ لائیوسٹاک کے افسران کے ہمراہ خصوصی طور فلاورز شو کا وزٹ کیا۔

ناجائز پختہ تجاوزات اور سرکاری اراضی پہ قابض مافیا کے خلاف کاروائیوں کا سلسلہ جاری

ہم وزیر اعلیٰ پنجاب اور مقامی انتظامیہ کے مشکور ہیں جنہوں نے بروقت کاروائی کر کے لوگوں کا راستہ بحال کروایا ہے: اہل علاقہ



بھلوال (تحصیل رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت صوبہ بھر میں ناجائز پختہ تجاوزات اور سرکاری اراضی پہ قابض مافیا کے خلاف کاروائیوں کا سلسلہ جاری۔ گذشتہ روز نائب تحصیلدار مہوش فلک کی نگرانی میں نواحی چک 9 شمالی پنیار والا میں بروقت کاروائی کرتے ہوئے محکمہ پولیس DSP چوہدری حبیب اشرف ڈھلو کے قبضہ سے 3 کینال 15 مرلے سرکاری رقبہ واگزار کروایا گیا۔ نائب تحصیلدار مہوش فلک کی ٹیم میں گرداور محمد اکبر، پٹواری حلقہ محمد جہانزیب ریاض اور محکمہ ریونیو کے اہلکاروں کے علاوہ پولیس کی بھاری نفری بھی ہمراہ تھی، چک 9 شمالی کے رہائشیوں نے بتایا کہ مذکورہ DSP حبیب اشرف نے کئی سالوں سے سرکاری اراضی پہ قبضہ کر کے عوام الناس کا راستہ بند کر رکھا تھا انکا مزید کہنا تھا کہ ہم وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور مقامی انتظامیہ کے مشکور ہیں جنہوں نے بروقت کاروائی کر کے لوگوں کا راستہ بحال کروایا ہے۔

دخت اللہ تعالیٰ کی نعمت عظمیٰ ہے جس کے ساتھ دنیا میں بھی رفاقت ہے: افادیہ شاہ

درخت جنت کا بھی ساتھی ہے درخت انسان ہی نہیں بلکہ جانور، چرند و پرند کی حقیقی ضرورت ہے: چیئرپرسن ویمن ونگ دیہی ترقیاتی کونسل

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) چیئرپرسن ویمن ونگ دیہی ترقیاتی کونسل افادیہ شاہ نے کہا ہے کہ درخت اللہ تعالیٰ کی نعمت عظمیٰ ہے جس کے ساتھ دنیا میں بھی رفاقت ہے اور جنت کی تو پہچان ہی باغات اور درختوں کے ساتھ ہے اس لئے کہا جا سکتا ہے کہ درخت جنت کا بھی ساتھی ہے درخت انسان ہی نہیں بلکہ جانور، چرند و پرند کی حقیقی ضرورت ہے۔ جبکہ درخت انسان کو آکسیجن، سایہ، پھل اور ٹھنڈک کا بھی ذریعہ ہے۔ جب سے شجرکشی شدت سے جاری ہے دنیا کا موسمیاتی تبدیلیاں شروع ہیں جس کے اثرات ماحول پر نمایا

DAILY QUWAT ایڈیٹوریل

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

کنٹرول لائن پر بھارتی جارحیت اور ملک کی عسکری قیادتوں کا اگلے مورچوں کا دورہ

چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر نے عیدالفطر کے دن جنوبی وزیرستان کے علاقے وانا اور ڈیرہ اسماعیل خان کا دورہ کیا جوانوں کے ساتھ نماز عید ادا کی پاکستان کے استحکام اور خوشحالی کیلئے دعا کی اور سکیورٹی فورسز کے جوانوں کو عید کی مبارکباد دی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ) آئی ایس پی آر (کے مطابق آرمی چیف نے پاک فوج کے جوانوں اور افسران کی غیر متزلزل لگن اور قوم کی مثالی خدمات کے عزم کو سراہا اور کہا کہ آپ کا عزم اور جذبہ نہ صرف ہمارے وطن کو محفوظ بناتا ہے بلکہ پاکستان سے آپ کی گہری محبت کی عکاسی بھی کرتا ہے۔ انہوں نے خیبر پختونخوا کے عوام کے ساتھ ساتھ قانون نافذ کرنے والے اداروں اور مسلح افواج کی کارکردگی کو بھی سراہا جنہوں نے ہمیشہ دہشت گردی کی لعنت کے خلاف بہادری کا مظاہرہ کیا ہے۔ جنرل عاصم منیر نے دہشت گردی کیخلاف سکیورٹی فورسز کی کامیابیوں کو شہدا اور اور امن واستحکام کے عظیم نصب العین سے وابستہ پرعزم لوگوں کی قربانیوں سے منسوب کیا۔ آرمی چیف کی آمد پر کور کمانڈر پشاور نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ دریں اثنا چیف آف دی نیول سٹاف ایڈمرل نوید اشرف نے عید کے دوسرے روز کوسٹل اور کریکس کے علاقوں میں اگلے مورچوں کا دورہ کیا۔ انہوں نے جناح نیول بیس اور ماڑہ اور کریکس میں افسران اور جوانوں سے ملاقات کی اور عید کے موقع پر فرائض کی انجام دہی پر جوانوں کے جذبے اور عزم وہمت کو سراہا۔ جوانوں سے خطاب کرتے ہوئے ایڈمرل نوید اشرف نے کہا کہ دفاع وطن کی مقدس ذمہ داری کو ذاتی خوشیوں پر مقدم رکھنا پاکستان بحریہ کی روایت رہی ہے۔ جوانوں کا یہ عزم اس امر کا اظہار ہے کہ ملکی دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے۔ بے شک افواج پاکستان نے تشکیل وطن سے اب تک مکار دشمن بھارت کے مقابل دفاع وطن کا ہر تقاضا ہمت وجوانمردی کے ساتھ نبھایا اور دشمن کی ہر جارحیت سازش اور جارحانہ عزائم کو ناکام بنایا ہے۔ عساکر پاکستان نے ملک کی جغرافیائی سرحدوں کے ساتھ ساتھ ملک کے اندر دشمن کے پھیلائے انتشار اور عدم استحکام کی سازشوں کو ناکام بنانے میں بھی کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ بالخصوص عساکر پاکستان گزشتہ تین دہائیوں سے دہشت گردی کے ناسور سے نبرد آزما ہیں اور دفاع وطن کی عظیم ذمہ داریاں ادا کرتے ہوئے دس ہزار سے زائد جوانوں اور افسران کی جانوں کے نذرانے پیش کر چکی ہیں۔ بھارت نے تو ہماری سلامتی کیخلاف اپنی سازشیں پھیلانے کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیا اور اب اس نے ہمارے پڑوسی برادر مسلم ملک افغانستان کو بھی پاکستان کیخلاف ان سازشوں میں اپنا ہمنوا بنالیا ہے جبکہ ملک کے اندر موجود پاکستان کے بدخواہ عناصر بھی بھارت کے ایجنٹ کا کردار ادا کرتے ہوئے دہشت گردی کی وارداتوں کے ذریعے اور بلوچستان میں علیحدگی کی نام نہاد تحریک کے نام پر پاکستان مخالف کارروائیاں اور زہریلا پراپیگنڈا جاری رکھے ہوئے ہیں جو ملک سے باہر موجود پاکستان مخالف لابنز کے ذریعے ریاست پاکستان اور ریاستی اداروں کیخلاف زہریلے پراپیگنڈے کے ذریعے ملک کا تشخص خراب کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑ رہے اور امریکی کانگرس میں ان پاکستان دشمن لابنز کے ذریعے ملک کے آئینی سسٹم اور افواج پاکستان کیخلاف قرار دادیں تک پیش اور منظور کرا رہے ہیں۔ یہ ایک قسم کی پاکستان مخالف ہائبرڈ وار ہے جس کیخلاف افواج پاکستان دفاع وطن کی ذمہ داریوں کو نبھاتے ہوئے عہدہ براہو رہی ہیں۔ بے شک دفاع وطن کیلئے قوم قومی قیادتیں اور افواج پاکستان مکمل یکجہت اور سیسہ پلائی دیوار ہیں اور دہشت گردی کے ناسور کے خاتمہ کیلئے افواج پاکستان کو قوم کی مکمل تائید وحمایت حاصل ہے جس سے دفاع وطن کے تقاضے نبھانے کیلئے افواج پاکستان کی لگن مزید مضبوط ہوئی ہے۔ بھارتی گھناؤنی سازشوں کی بنیاد پر ہی ہمیں افغانستان کی جانب سے خوارجیوں کی دہشت گردانہ کارروائیوں کا بھی سامنا ہے جو بطور خاص سکیورٹی فورسز کو نشانہ بناتے ہیں جبکہ اس وطن عزیز کے 70 ہزار سے زائد بے گناہ شہری بھی دہشت گردی کی ان وارداتوں اور خودکش حملوں کی بھینٹ چڑھ کر اپنی جانیں قربان کر چکے ہیں۔ بھارتی جارحانہ عزائم واقدامات کا اس سے ہی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اسکی افواج نے عیدالفطر کے دوسرے روز کنٹرول لائن پر پونچھ سیکٹر میں اچانک شہری آبادی پر بلا اشتعال فائرنگ کی جس کے نتیجہ میں متعدد شہری جاں بحق اور زخمی ہوئے جبکہ پاکستان کی سکیورٹی فورسز نے فوری کارروائی کرتے ہوئے بھارتی چیک پوسٹ کو تباہ کر دیا۔ بھارتی افواج کی فائرنگ اور گولہ باری میں جو میڈیا رپورٹس کے مطابق کئی گھنٹے تک جاری رہی پاک فوج کے دو جوانوں کے شہید ہونے کی اطلاع بھی موصول ہوئی ہے۔ بھارت نے جنگ بندی



معروف لوک فنکار فضل جٹ کی بار سلونا میں یادگار پرفارمنس

فضل جٹ اجکل یورپ کے ثقافتی دورے پر ہیں معراج پروڈکشنز نے مختلف ممالک میں شوز ارینج کئے



فضل جٹ کے ساتھ دیگر فنکاروں میں حسن جہانگیر حمیرا ارشد اور دیگر شامل ہیں بیرون ملک پاکستان کا نام روشن کر کے فخر محسوس ہوتا

لاہور (میاں انجم شہزاد) پرائیڈ آف پرفارمنس لوک گلوکار فضل جٹ کی بار سلونا میں یادگار پرفارمنس نے شائقین کی آنکھیں نم کر دیں یاد رہے کہ فضل جٹ ان دنوں یورپ کے ثقافتی دورے پر ہیں. انہیں معراج پروڈکشنز نے مختلف ممالک میں ہونے والے میوزک شوز میں پرفارم کرنے کیلیے کاسٹ کیا تھا. انکے ہمراہ گلوکار حسن جہانگیر, حمیرا ارشد اور دیگر فنکار بھی موجود ہیں. فضل جٹ نے پہلا شوتر کی میں کیا. اس کے بعد 3 اپریل کو ڈنمارک اپنے فن کا مظاہرہ کیا. فضل جٹ نے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوء؟ بتایا کہ سپین کے سفارتخانے کی سرپرستی میں ہونے والے شو کے پروموٹر ملک ارشد اور سلطان اے خان ہیں. گزشتہ روز بارسلونا میں ہونے والے شو میں جب نے میں "بیٹی دی ڈولی" گائی تو پورا ہال رو پڑا. خاص طور پر شوز میں خواتین کی بڑی تعداد تعداد شرکت کر رہی ہے. بارسلونا میں شو ختم ہونیکے بعد مجھے پروموٹرز اور دیار غیر میں رہنے والے دیگر شہریوں کی طرف سے خوب پزیرائی ملی. انہوں نے بتایا کہ 11 اور 12 اپریل کو بیلجیم اور فرانس میں شوز ہونگے.



کیا آپ کو یاد ھے کہ وہ بھار کو منسوخ نہیں کر سکتے - ڈیوڈ ھاکنی "25 نمائش میں شرکت کر رھے ھیں.

عینا آصف بھی 'ڈیپ فیک' ویڈیو کا شکار



لاہور: (شوبز رپوٹر) مصنوعی ذہانت نے جہاں لوگوں کے لیے آسانیاں پیدا کی ہیں وہیں یہ کئی افراد کے لیے مشکلات اور اذیت کا سبب بھی بن رہی ہے۔ پاکستان میں انٹرنیٹ خواندگی کی کمی کی وجہ سے بیشتر لوگ اصل اور جعلی ویڈیوز میں فرق نہیں کر پاتے جس کا فائدہ اٹھاتے ہوئے جعلی ویڈیوز بنانے کا رجحان تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ حالیہ دنوں میں کئی مشہور شخصیات کو مصنوعی ذہانت سے بنائی گئی جعلی ویڈیوز کے ذریعے نشانہ بنایا گیا ہے اور اب اس کی زد میں کم عمر اداکارہ عینا آصف بھی آگئی ہیں، سوشل میڈیا پر ان کی ایک ویڈیو وائرل ہو رہی ہے جس میں انہیں سگریٹ پیتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ یہ ویڈیو سامنے آتے ہی صارفین کے درمیان بحث چھڑ گئی، کئی افراد نے اس ویڈیو کو حقیقی سمجھ کر اداکارہ پر تنقید کی جبکہ کچھ صارفین نے اسے جعلی اور ایڈٹ شدہ قرار دیا۔ یہ واقعہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ مصنوعی ذہانت کے غلط استعمال سے نہ صرف مشہور شخصیات بلکہ عام لوگ بھی متاثر ہو سکتے ہیں، انٹرنیٹ صارفین کو چاہیے کہ وہ کسی بھی وائرل ویڈیو کو شیئر یا اس پر تبصرہ کرنے سے پہلے اس کی حقیقت کو جانچ لیں تاکہ غلط معلومات کے پھیلاؤ کو روکا جا سکے۔

فلم حنا میں لیلی زبیری کو ہیروئن کے کردار کی پیشکش ہوئی تھی

میں نے راج کپور کی اس پیشکش کو شکریہ کے ساتھ مسترد کر دیا تھا، لیلی زبیری



لاہور (شوبز رپوٹر) بھارتی فلم "حنا" میں ہیروئن کے کردار کے لیے جن پاکستانی اداکاراوں کو پیشکش ہوئی تھی ان میں ڈراما آرٹسٹس شہناز شیخ اور مرینہ خان کے ساتھ ساتھ لیلی زبیری بھی شامل ہیں۔ اس بات کا انکشاف لیلی زبیری نے ایک پوڈ کاسٹ میں گفتگو کے دوران کیا تھا۔ انھوں نے بتایا کہ راج کپور نے خود انھیں اس کردار کی پیشکش کی تھی۔ راج کپور کے ساتھ ملاقات کا احوال بتاتے ہوئے لیلی زبیری نے کہا کہ 1986 میں شارجہ کرکٹ کپ کے دوران راج کپور سے ملاقات ہوئی تھی۔ لیلی زبیری نے بتایا کہ راج کپور پاکستانی اداکاروں کی صلاحیتوں سے کافی متاثر نظر آ رہے تھے۔ اداکارہ نے بتایا کہ یہ وہ وقت تھا جب پاکستانی ڈراموں کو پونا اکیڈمی میں اداکاری سکھانے کے لیے دکھایا جاتا تھا۔ لیلی زبیری نے کہا کہ اسی ملاقات میں راج کپور نے فلم حنا میں کام کی پیشکش کی تھی جو کہ اس سے قبل شہناز شیخ اور مرینہ خان کو بھی کی گئی تھی۔ لیلی زبیری نے کہا کہ میں نے راج کپور کی اس پیشکش کو شکریہ کے ساتھ مسترد کر دیا تھا۔ اداکارہ لیلی زبیری کا کہنا تھا کہ میرے شوہر پاک فوج کے افسر تھے اور مجھے یہ مناسب نہ لگا کہ میں بھارت جا کر کام کروں۔ خیال رہے کہ فلم حنا میں ہیروئن کا کردار بعد ازاں پاکستانی اداکارہ زیبا بختیار نے ادا کیا تھا اور یہ فلم بلاک بسٹر ثابت ہوئی تھی۔

سلینا گومز، انکے منگیتر نے جسٹن بیبر کی طنزیہ پوسٹ کا کرارا جواب دیدیا



نیویارک (شوبز ڈیسک) امریکی گلوکارہ سلینا گومز اور ان کے منگیتر بینی بلانکو نے گلوکارہ کے سابق بوائے فرینڈ جسٹن بیبر کی طنزیہ پوسٹ کا جواب دیدیا۔ جسٹن بیبر جو کہ کافی عرصے تک سلینا گومز کے ساتھ تعلق میں رہے انھوں نے سلینا کی منگنی ٹوٹنے کی افواہ پر ایک طنزیہ پوسٹ شیئر کی تھی، سوشل میڈیا پر یہ مبہم سی پوسٹ وائرل ہونے کے بعد مداحوں اور میڈیا کا خیال تھا کہ انھوں نے سلینا کیلیے یہ پوسٹ شیئر کی ہے۔ 32 سالہ گلوکارہ نے اپنے انسٹاگرام اکاونٹ پر اپنے پیارے لمحات کی کچھ تصاویر شیئر کیں، جس میں وہ اور ان کے منگیتر بھی شامل ہیں جس سے ان دونوں کے درمیان رومانوی تعلق کی تصدیق ہوتی ہے۔ پوسٹ میں، سلینا گومز نے منگیتر بلانکو کے ساتھ تصویروں کا ایک سلسلہ پوسٹ کیا، جس میں سے ساحل سمندر کی ایک تصویر میں "Benny+Sel" لکھا ہوا ہے، سفید لباس میں ان کی شاندار عکس والی سیلفی بھی پوسٹ میں شامل ہے۔ خیال رہے کہ گزشتہ سال معروف امریکی گلوکارہ و اداکارہ سلینا گومز نے اپنے بوائے فرینڈ کے ساتھ منگنی کا اعلان کیا تھا،



چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کے استعفیٰ سے متعلق خبریں بے بنیاد قرار

محسن نقوی استعفیٰ نہیں دے رہے خبروں میں صداقت نہیں، پی سی بی حکام نے افواہوں کی تردید کر دی



لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی کے استعفیٰ سے متعلق پی سی بی کا بیان سامنے آگیا، حکام نے استعفیٰ کی خبروں کو بے بنیاد قرار دے دیا۔ میڈیا پر چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کے استعفیٰ سے متعلق خبریں گردش میں ہیں تاہم پی سی بی حکام نے ان افواہوں کی تردید کی ہے اور کہا ہے کہ ایسی خبروں میں کوئی صداقت نہیں۔ واضح رہے کہ کئی اسپورٹس ویب سائٹ نے اس حوالے سے دعویٰ کیا ہے کہ محسن نقوی چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ کے عہدے سے استعفیٰ دے سکتے ہیں بوجہ یہ کہ وہ ایشین کرکٹ کونسل کے صدر منتخب ہو چکے ہیں۔

ماسٹرز اوپن گالف ٹورنامنٹ کا آغاز 10 اپریل سے امریکا میں ہوگا

جارجیا (آئی این پی) ماسٹرز اوپن گالف ٹورنامنٹ کا آغاز 10 اپریل سے امریکی ریاست جارجیا میں ہوگا۔ ماسٹرز اوپن گالف ٹورنامنٹ 2025 کا 89 واں ایڈیشن اور 2025 میں منعقد ہونے والے مردوں کی چار بڑے گالف ٹورنامنٹس میں سے پہلا میگا ایونٹ ہے۔ یہ ٹورنامنٹ پہلی بار 1934 میں کھیلا گیا تھا، میزبان گالفر ہارٹن سمتھ نے جیتا تھا۔ ٹورنامنٹ 72 ہولز پر کھیلا جائے گا۔ ٹورنامنٹ میں دنیائے ٹینس کے نامور کھلاڑی ایکشن میں نظر آئیں گے۔ ایونٹ میں امریکا سے تعلق رکھنے والے گالفر سکاٹی شیفلر اپنے اعزاز کا دفاع کریں گے سب سے زیادہ ماسٹرز اوپن گالف ٹورنامنٹ جیتنے کا ریکارڈ امریکی گالفر جیک نکلاوس کے پاس ہے

عائشہ ظفر بنگلہ دیش کیخلاف پاکستان اے کی قیادت کریں گی

عائشہ ظفر 32 ون ڈے اور 26 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچوں میں پاکستان ویمنز ٹیم کی نمائندگی کر چکی ہیں



لاہور (این این آئی) عائشہ ظفر منگل کے روز بنگلہ دیش کے خلاف آئی سی سی ویمنز ورلڈ کپ وارم اپ میچ میں پاکستان اے ویمنز ٹیم کی قیادت کریں گی جو قذافی اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ عائشہ ظفر 32 ون ڈے اور 26 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچوں میں پاکستان ویمنز ٹیم کی نمائندگی کر چکی ہیں ان کھیلڑیوں میں پاکستان ویمنز انڈر 19 کی کپتان کومل خان، ماہ نور زیب اور زیب النساء کو اسکواڈ میں بلایا گیا ہے جبکہ دعا ماجد، ایمن فاطمہ، گل رخ، حفصہ خالد، سائرہ جبیں اور تانیہ سعید کو ڈومیسٹک کرکٹ میں ان کی کارکردگی کی بنیاد پر اسکواڈ میں شامل کیا گیا

آسٹریلوی سابق فاسٹ بولر شان ٹیٹ کراچی کنگز کے بولنگ کوچ مقرر

شان ٹیٹ کراچی کنگز کے فاسٹ بولنگ کوچ، آسٹریلوی سپیڈ سٹر کنگز پیسرز کو ٹرین کریں گے



کراچی (آئی این پی) کراچی کنگز نے آسٹریلیا کے سابق فاسٹ بولر شان ٹیٹ کو فاسٹ بولنگ کوچ مقرر کر دیا۔ شان ٹیٹ کراچی کنگز کے فاسٹ بولنگ کوچ، آسٹریلوی سپیڈ سٹر کنگز پیسرز کو ٹرین کریں گے، ٹیم اونر کراچی کنگز سلمان اقبال کا کہنا ہے کہ شان ٹیٹ کا جارحانہ بولنگ کا فلسفہ کراچی کنگز کی حکمت عملی سے ہم آہنگ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے یقین ہے کہ شان ٹیٹ کی کوچنگ میں ہماری بالنگ لائن اپ مزید خطرناک ثابت ہوگی، اس سے قبل شان ٹیٹ افغانستان اور پاکستان کی قومی ٹیموں کے بالنگ کوچ رہ چکے ہیں۔ خیال رہے کہ پی ایس ایل 11 اپریل سے 18 مئی تک لاہور کراچی راولپنڈی اور ملتان میں کھیلی جائے گی، انگلینڈ کے سابق کپتان سر الیسٹر کک پہلی بار پی ایس ایل کمنٹری پینل کا حصہ ہونگے۔

رشمیکا نے اپنی سالگرہ وجے دیورا کونڈا کیساتھ اومان میں منائی

اداکارہ نے تاحال وجے کیساتھ اپنے تعلقات کے حوالے سے باضابطہ اعلان نہیں کیا



ممبئی (این این آئی) جنوبی بھارتی اداکارہ رشمیکا مندنا نے اپنی 29 ویں سالگرہ اومان میں چھٹیاں گزارتے ہوئے منائی جہاں وہ سمندر کنارے خوبصورت نظاروں سے لطف اٹھاتی نظر آئیں۔ پشپا اسٹار نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپلیکیشن انسٹاگرام پر اپنی چند تصاویر بھی پوسٹ کیں جس میں انہیں سمندر کنارے ریت پر بیٹھے پوز دیتے دیکھا جاسکتا ہے۔ رشمیکا نے ان تصاویر کے ساتھ کیپشن میں لکھا کہ کچھ ساحل.. کچھ ریت.. کچھ ڈوبتا سورج.. کچھ پھول اور ڈھیر ساری مسکراہٹیں آپ کی تمام محبتوں اور نیک خواہشات کے ساتھ، شکریہ آپ بہترین ہیں۔ میں آپ لوگوں کو آج کی پیاری ڈائری کل دکھاں گی۔ تاہم سوشل میڈیا صارفین اور اداکارہ کے مداحوں کو لگتا ہے کہ وہ اومان میں اکیلی نہیں بلکہ اپنے بوائے فرینڈ) جس کے بارے میں رشمیکا نے ابھی باقاعدہ اعلان نہیں کیا ہے (اداکار وجے دیورا کونڈا کے ساتھ وہاں چھٹیاں منا رہی ہیں کیونکہ وجے نے بھی چند ایسی ہی تصاویر پوسٹ کی ہیں جس میں وہ سمندر کنارے موجود ہیں۔

ہانیہ عامر کا شاندار رقص، شادی کی تقریب کی رونق بڑھا دی

ویڈیو میں ہانیہ کو خوبصورت سنہرے رنگ کے لہنگا چولی میں ملبوس دیکھا گیا

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ اور ماڈل ہانیہ عامر نے ایک شادی کی تقریب میں ہالی ووڈ گانے پر زبردست رقص کر کے مداحوں کے دل جیت لیے۔ تفصیلات کے مطابق ہانیہ عامر کو ایک نجی شادی کی تقریب میں شرکت کرتے ہوئے دیکھا گیا جہاں وہ ہالی ووڈ فلم کچھ تو ہے کے مقبول گیت ڈنگ ڈونگ ڈولے پر اپنے گروپ کے ہمراہ رقص کر رہی تھیں۔ ویڈیو میں ہانیہ کو خوبصورت سنہرے رنگ کے لہنگا چولی میں ملبوس دیکھا گیا، جس پر نفیس کڑھائی کی گئی تھی جبکہ دوپٹہ بھی خوبصورتی سے ترتیب دیا گیا تھا، جوان کے دلکش انداز کو مزید نکھار رہا تھا۔ ہانیہ عامر رقص کے دوران پوری توانائی، شوخی اور جوش کے ساتھ نظر آئیں۔ رقص کے دوران بھی وہ پراعتماد اور پرکشش نظر آئیں اور ان کا انداز ایسا تھا کہ شرکا کی نظریں ان پر ہی مرکوز رہیں۔

دلجیت دوسانجھ اور وِل اسمتھ کا پنجابی بھنگڑا

ویڈیو میں دلجیت دوسانجھ نے سفید کرتا پاجامہ اور سرخ پگڑی میں روایتی پنجابی انداز اپنایا



ممبئی (این این آئی) پنجابی میوزک سنسیشن دلجیت دوسانجھ نے ہالی ووڈ کے عالمی شہرت یافتہ اداکار ول اسمتھ کے ساتھ بھنگڑا کرتے ہوئے سب کو حیران کر دیا۔ انسٹاگرام پر شیئر کی گئی ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ وِل اسمتھ دلجیت دوسانجھ کی تصویر اپنے فون پر دکھاتے ہیں، جس کے بعد دلجیت خود اس میں شامل ہو جاتے ہیں۔ موسیقی، مسکراہٹیں اور خالص خوشی کا امتزاج کے ساتھ دونوں اسٹارز بھنگڑا کرتے نظر آتے ہیں اور ویڈیو کا اختتام قہقہوں پر ہوتا ہے۔ ویڈیو میں دلجیت دوسانجھ نے سفید کرتا پاجامہ اور سرخ پگڑی میں روایتی پنجابی انداز اپنایا۔

زینب نے شوہر فیروز خان کے بچوں کیساتھ دل موہ لینے والی ریل شیئر کر دی



ممبئی (این این آئی) فیروز خان کی اہلیہ ڈاکٹر زینب فیروز نے شوہر کے بچوں سلطان اور فاطمہ کے ساتھ دل موہ لینے والی ریل شیئر کر دی۔ پاکستان کے معروف اداکار فیروز خان کی اہلیہ ڈاکٹر زینب فیروز سوشل میڈیا پر خاصی مقبول ہو رہی ہیں، انہوں نے عید الفطر کے موقع پر اپنے شوہر کے بچوں کے ساتھ ایک پیاری سی انسٹاگرام ریل شیئر کر کے مداحوں کے دل جیت لیے۔ ڈاکٹر زینب پیشے کے لحاظ سے ماہر نفسیات ہیں، جون 2024 میں فیروز خان کے ساتھ رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئیں۔

اس وقت کسی بھی سطح پر فل ٹائم کوچنگ کرنے کے موڈ میں نہیں، جیسن گلیسپی



سڈنی (نیٹ نیوز) سابق آسٹریلوی فاسٹ بولر جیسن گلیسپی نے ایک مرتبہ پھر پاکستان ٹیم کے ساتھ کوچنگ کے تجربے پر لب کشائی کرتے ہوئے اسے مایوس کن قرار دے دیا۔ ایک حالیہ انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے جیسن گلیسپی نے کہا کہ قومی ٹیم کے ساتھ کام کرنے کا تجربہ اُن کی کوچنگ سے وابستہ محبت کو متاثر کر گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ "میں سچ کہوں تو پاکستان میں کوچنگ کے بعد مجھے یہ سوچنے پر مجبور ہونا پڑا کہ کیا میں مستقبل میں فل ٹائم کوچنگ جاری رکھنا چاہتا ہوں یا نہیں

میرے اور کوہلی کے درمیان ہمیشہ سے ایک لائن رہی، دھونی

کوہلی شروع سے ہی ایسا شخص تھا جو اپنا حصہ ڈالنا چاہتا تھا وہ 40 یا 60 رنز سے کبھی خوش نہیں ہوا، انٹرویو



نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے سابق کپتان مہندر سنگھ دھونی نے انکشاف کیا ہے کہ ان کے اور اسٹار بیٹر ویرات کوہلی کے درمیان ہمیشہ سے ایک لائن رہی ہے۔ اپنی بہترین قائدانہ صلاحیت کی بنا پر بلیو شرٹس کو تینوں آئی سی سی ایونٹس جتوانے والے دھونی نے کہا کہ ویرات کوہلی شروع سے ہی ایسا شخص تھا جو اپنا حصہ ڈالنا چاہتا تھا وہ 40 یا 60 رنز سے بھی خوش نہیں ہوا وہ 100 رنز بنانا چاہتا تھا اور آخر تک ناٹ آؤٹ رہنا چاہتا تھا۔ انھوں نے کہا کہ اس میں وہ بھوک شروع سے ہی موجود تھی اس نے اپنی بلے بازی کو بہتر کیا اور کارکردگی دکھانے کی اس کی خواہش ابھی بھی موجود ہے، اس نے ہمیشہ اپنی فٹنس کی سطح کو بلند کیا۔ مہندر سنگھ دھونی نے کہا کہ ہمارے درمیان بہت ساری بات چیت ہوتی تو اور ہم کھل کر اپنا نقطہ نظر پیش کرتے تھے،

ہیری بروک انگلینڈ کی وائٹ بال ٹیم کے نئے کپتان مقرر

چیمپئنز ٹرافی میں ٹیم کی ناقص کارکردگی پر جوز بٹلر نے کپتانی سے استعفیٰ دیا تھا



کراچی (این این آئی) انگلش کرکٹ بورڈ نے ہیری بروک کو انگلینڈ کی ون ڈے اور ٹی 20 ٹیموں کا نیا کپتان مقرر کر دیا۔ انگلش کرکٹ بورڈ کے مطابق یارکشائر سے تعلق رکھنے والے بیٹر ہیری بروک کو جوز بٹلر کی جگہ انگلینڈ کا نیا وائٹ بال کپتان مقرر کیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ چیمپئنز ٹرافی 2025 میں انگلینڈ کی ٹیم ایک بھی میچ نہیں جیت سکی تھی، ٹیم کی بدترین کارکردگی پر جوز بٹلر نے کپتانی سے استعفیٰ دے دیا تھا۔ ہیری بروک نے کپتان مقرر ہونے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انگلینڈ کی وائٹ بال ٹیم کا کپتان بننا میرے لیے ایک بڑا اعزاز ہے۔

نین تارا اور پربھو دیوا کی بے مثال محبت آخر کار ختم ہوگئی

دونوں ساتھ اسٹارز کے معاشقے کے قصے زبان زد عام ہوا کرتے تھے



ممبئی (این این آئی) جب بھی انٹرٹینمنٹ انڈسٹری کے سب سے مشہور محبت کے قصے یاد کیے جاتے ہیں، تو پربھو دیوا اور لیڈی سپر اسٹار نین تارا کا نام ضرور ذہن میں آتا ہے۔ اگرچہ نین تارا اب خوش باش زندگی گزار رہی ہیں اور فلم ساز وگنیش شیون کی اہلیہ ہیں، مگر ان کا رشتہ پربھو دیوا کے ساتھ سن 2009 میں شروع ہوا تھا۔ ایک وقت تھا جب ان دونوں کی محبت کی داستان زبانِ زدِ عام تھی، مگر کیا آپ جانتے ہیں کہ یہ رشتہ اس وقت ختم ہو گیا تھا جب نین تارا نے اپنے عروج پر پہنچے ہوئے فلمی کیریئر کو خیرباد کہنے سے انکار کر دیا، جو کہ پربھو دیوا کی خواہش تھی۔ پربھو دیوا اور نین تارا کے عشق کے چرچے اس وقت عام ہونا شروع ہوئے جب دونوں نے فلم ویلو میں اکٹھے کام کیا۔ بظاہر ایک خوابوں جیسا رشتہ، افسوسناک طور پر اچانک ہی ختم ہو گیا اور ان کے مداح حیران تھے

زارا نور عباس اور اسد صدیقی نے بیٹی کا چہرہ دنیا کو دکھا دیا

زارا نور عباس کی پہلی شادی 2016 میں ہوئی جو 2017 میں ختم ہوگئی تھی



کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی مقبول جوڑی زارا نور عباس اور اسد صدیقی نے بالآخر اپنی اکلوتی بیٹی نور جہاں کا چہرہ مداحوں کے سامنے ظاہر کر دیا۔ زارا نور اور اسد نے دسمبر 2017 میں شادی کی تھی، یہ دونوں کی دوسری شادی تھی، اسد صدیقی نے اس سے قبل 2014 میں ماہم سے شادی کی تھی جبکہ زارا نور عباس کی پہلی شادی 2016 میں ہوئی جو 2017 میں ختم ہوگئی تھی۔ شادی کے بعد جوڑے نے زندگی کے کئی نشیب و فراز کا سامنا کیا، 27 مارچ 2024 کو اس جوڑے نے ایک خوبصورت بیٹی کی آمد کا جشن منایا، جس کا نام محبت اور خلوص کے ساتھ نور جہاں رکھا گیا۔ اسٹار جوڑی نے اپنی بیٹی کا چہرہ ایک سال تک خفیہ رکھا اور مداحوں کو اس معصوم چہرے کی جھلک کے لیے بے تاب رکھا، بالآخر وقت تھا جب ان دونوں کی بیٹی کی پہلی سالگرہ پر نہ صرف تصاویر جاری کی گئیں

بشریٰ انصاری کا یوٹیوبر کی بھائی کو خاموشی بھرا کرارا جواب

کراچی (آئی این پی) سینئر اداکارہ بشریٰ انصاری کا یوٹیوبر ڈکی بھائی کے اداکاروں کے بارے میں دیے گئے بیان کے بعد دلچسپ ردعمل سامنے آگیا۔ بشریٰ انصاری نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنی ایک نئی ویڈیو شیئر کی ہے جس میں وہ بالکل خاموش بیٹھی مسکراتے ہوئے کیمرے کی جانب دیکھ رہی ہیں اور جگجیت سنگھ کا گانا خاموشی خود اپنی صدا ہوں رہی ہیں۔

عاطف اسلم پر بھی "وڑ گیا" کا بخار چڑھ گیا

عاطف اسلم کی تازہ ویڈیو پر مداحوں نے قہقہوں کے انبار لگا دیئے

کراچی (این این آئی) نامور پاکستانی گلوکار عاطف اسلم پر معروف وکیل اور سیاستدان شیر افضل مروت کا مشہور جملہ 'پروگرام تو وڑ گیا' کا بخار چڑھ گیا۔ پاکستان اور بھارت میں یکساں مقبولیت کے حامل عاطف اسلم کا شمار ان چند گلوکاروں میں ہوتا ہے جو اپنے لائیو کنسرٹ میں لپ سنک کرنے کے بجائے خود گلوکاری کے جوہر دکھاتے ہیں۔ وہ کبھی اپنے ہی گیت کو نئی میوزک میں ڈھال کر گاتے ہیں تو کبھی ہالی وڈ کے پرانے گیتوں کو اپنی مسحور کن آواز میں گا کر سب کے دل موہ لیتے ہیں۔

صبور علی کو بیٹی کی پیدائش کے بعد دیکھ کر فینز حیران



کراچی (آئی این پی) اداکارہ صبور علی کی بیٹی کی پیدائش کے چند ہفتوں بعد حیران کن لک میں منظرِ عام پر آنا فینز کو حیران کر گیا۔ صبور علی نے اپنی منفی پری کے ساتھ عید کی تصاویر شیئر کی تھیں لیکن ان میں سیرینا کی شکل چھپا کر رکھی تھی پھر انگی بہن وسپر اسٹار کجل علی نے بھی اپنی بھتیجی و اکلوتی بھانجی کے ساتھ یادگار تصاویر سوشل میڈیا کی زینت بنائیں۔

سلمان کی سکندر فلاپ یا ہٹ؟ کمائی 200 کروڑ کے قریب پر بحث جاری



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ سپر اسٹار سلمان خان کی اس عید پر ریلیز ہونے والی فلم سکندر جس نے اب تک باکس آفس پر 187 کروڑ روپے کا بزنس کیا ہے، کیا یہ فلم ہٹ ہے یا فلاپ؟ اس حوالے سے ایک بحث جاری ہے۔ گو کہ سلمان خان کی اس فلم نے کافی تنقید اور خراب جائزوں کا بھی سامنا کیا ہے۔ واضح رہے کہ یہ سلمان کی دو سال بعد عید پر ریلیز ہونے والی فلم ہے اس سے قبل انہوں نے "کسی کا بھائی کسی کی جان" دو برس قبل عید پر ریلیز کی تھی جو کہ ناکام ثابت ہوئی

آئی سی سی ویمنز کرکٹ ورلڈ کپ 2025ء کے وارم اپ میچز جاری

پاکستان نے ویسٹ انڈیز کو 5 وکٹوں سے شکست دی، آئرلینڈ نے تھائی لینڈ کو شکست دیدی

لاہور (این این آئی) آئی سی سی ویمنز کرکٹ ورلڈ کپ 2025ء کے وارم اپ میچز جاری ہیں، پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم نے مسلسل دوسرے وارم اپ میچ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ویسٹ انڈیز کو 5 وکٹوں سے شکست دیدی جبکہ آئرلینڈ نے تھائی لینڈ کو پانچ وکٹوں سے شکست دیدی۔ قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے گئے وارم اپ میچ میں ویسٹ انڈیز نے 50 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 188 رنز بنائے۔ پاکستانی بالرز سعدیہ اقبال نے 21 رنز دے کر 3 کھلاڑیوں جبکہ نشرہ سندھو نے 47 رنز دے کر 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا، فاطمہ ثنا نے 35 رنز دے کر ایک، ڈیانا بیگ نے 42 رنز دے کر ایک اور رامین شمیم نے 24 رنز دے کر ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ ویسٹ انڈیز کی بیٹر شمیکا گنبالی 68 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہیں جبکہ جینا گلاسکو نے 41 رنز بنائے۔ پاکستان نے 46.1 اوورز میں 192 رنز بنا کر میچ جیت لیا۔ پاکستانی بیٹرز منیبہ علی اور نتالیہ پرویز نے ذمہ دارانہ بیٹنگ کا مظاہرہ کیا۔

پاکستان کو نیوزی لینڈ کیخلاف تینوں میچز میں شکست اور جرمانے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کو نیوزی لینڈ کے خلاف تیسرے ون ڈے میچ میں بھی سلو اوور ریٹ پر جرمانہ کر دیا گیا۔ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے پاکستان ٹیم کو میچ فیس کا 5 فیصد جرمانہ کیا ہے۔ آئی سی سی کے مطابق پاکستان ٹیم مقررہ وقت میں ایک اوور پیچھے رہی، کپتان محمد رضوان نے اپنی غلطی تسلیم کر لی ہے۔ پاکستان کو نیوزی لینڈ کے خلاف پہلے اور دوسرے ون ڈے میچ میں بھی جرمانہ ہوا تھا۔ واضح رہے کہ دورہ نیوزی لینڈ میں پاکستان ٹیم کو 5 ٹی ٹوئنٹی میچز کی سیریز میں 1-4 اور 3 ون ڈے میچز کی سیریز میں 0-3 سے شکست ہوئی ہے۔

روزنامہ قوت لاہور
بانی: میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

صحافی امجد علی سلطانی ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن شیخوپورہ کے میڈیا کوآرڈینیٹر مقرر

تقرری کا نوٹیفکیشن بھی صدر بار امجد علی گوپے راء ایڈووکیٹ اور جنرل سیکرٹری شمس حسن بھٹی ایڈووکیٹ کی طرف سے جاری کر دیا گیا ہے



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن شیخوپورہ نے نجی ٹی وی چینل اور قومی اخبار کے نمائندہ امجد علی سلطانی کو میڈیا کوآرڈینیٹر مقرر کر دیا ہے۔ جن کی تقرری کا نوٹیفکیشن بھی صدر بار امجد علی گوپے راء ایڈووکیٹ اور جنرل سیکرٹری شمس حسن بھٹی ایڈووکیٹ کی طرف سے جاری کر دیا گیا ہے امجد علی سلطانی کی اس تقرری پر وکلاء برادری نے اظہار مسرت کرتے ہوئے انہیں مبارکباد دی ہے اور اس امید کا اظہار کیا ہے کہ امجد علی سلطانی ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن شیخوپورہ کی بھرپور نمائندگی کریں گے، واضح رہے کہ امجد علی سلطانی اس سے قبل بھی ڈسٹرکٹ بار کے میڈیا کوآرڈینیٹر کے طور پر خدمات سرانجام دے چکے ہیں اس دوران انہوں نے ڈسٹرکٹ بار کی تقاریب کی بھرپور کوریج کرنے سمیت انسانی حقوق کے تحفظ کے حوالے سے وکلاء کی جدوجہد کو اجاگر کیا۔

یوسف میر آف سویٹ پیلس نماز جنازہ کے بعد سپرد خاک

مختلف مکاتب فکر کے عمائدین کا محمد امین میر سے اظہار تعزیت

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) دیرینہ مسلم لیگی رہنما محمد امین میر آف سویٹ پیلس رنگپورہ کے چھوٹے بھائی محمد یوسف میر کی نماز جنازہ میں سیاسی وسماجی شخصیات سمیت سینکڑوں افراد کی شرکت۔ نماز جنازہ کے بعد مرحوم کو آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا جس کے بعد وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، ممبر صوبائی اسمبلی منشاء اللہ بٹ، اسد منشاء بٹ سمیت پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنماؤں اور سیالکوٹ بزنس کمیونٹی کیجانب سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحوم محمد یوسف میر کی مغفرت کیلئے دعائے فاتحہ کی۔ دریں اثناء حاجی افضل گھمن آف تنویر میرج ہال کی نماز جنازہ سیالکوٹ میں سینکڑوں سوگواران کے ساتھ ادا کر دی گئی نماز جنازہ کے بعد مرحوم کو آبائی قبرستان کوٹلی امیر علی میں انکے بڑے بھائی حاجی تنویر گھمن کے پہلو میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحوم افضل گھمن قاسم گھمن کے والد طیب تنویر گھمن، زیشان تنویر گھمن و مزمل تنویر گھمن کے چچا تھے۔

سپیریئر کالج اور لالیاں پریس کلب کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

سپیریئر کالج کا لالیاں پریس کلب کے عہدیداران وممبران کے لیے خصوصی پیکج



لالیاں (رانا کاشف قلیم سے) سپیریئر کالج اور لالیاں پریس کلب کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط۔ سپیریئر کالج کا لالیاں پریس کلب کے عہدیداران وممبران کے لیے خصوصی پیکج۔ تفصیلات کے مطابق سپیریئر کالج لالیاں اور لالیاں پریس کلب کے درمیان ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر سپیریئل کالج ملک عدنان محبوب صاحب اور اور پرنسپل نوید شہزاد لالی لالیاں پریس کلب ائے جہاں پر ان کا استقبال سرپرست اعلیٰ حافظ محمد کفایت اللہ اور صدر لالیاں میڈیا نمائندگان کو اس لیے دیا جا رہا ہے کہ وہ معاشرے میں مسائل کو اجاگر کرتے ہیں اور غریب عوام کی اواز بنتے ہیں۔ اس موقع پر ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے اور لالیاں پریس کلب کے سرپرست اعلیٰ حافظ محمد کفایت اللہ اور صدر رانا محمد امین میر اور چیئرمین رانا کاشف کلیم نے سپیریئر کالج کی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔ اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحوم محمد یوسف میر کی مغفرت کیلئے دعائے فاتحہ کی۔ دریں اثناء حاجی افضل گھمن آف تنویر میرج ہال کی نماز جنازہ سیالکوٹ میں سینکڑوں سوگواران کے ساتھ ادا کر دی گئی نماز جنازہ کے بعد مرحوم کو آبائی قبرستان کوٹلی امیر علی میں انکے بڑے بھائی حاجی تنویر گھمن کے پہلو میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحوم افضل گھمن قاسم گھمن کے والد طیب تنویر گھمن، زیشان تنویر گھمن و مزمل تنویر گھمن کے چچا تھے۔

داران کے لیے 75 پرسنٹ اور ممبران کے لیے 50 پرسنٹ رعائت ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ ریلیف میڈیا نمائندگان کو اس لیے دیا جا رہا ہے کہ وہ معاشرے میں مسائل کو اجاگر کرتے ہیں اور غریب عوام کی اواز بنتے ہیں۔ اس موقع پر ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے اور لالیاں پریس کلب کے سرپرست اعلیٰ حافظ محمد کفایت اللہ اور صدر رانا محمد امین میر اور چیئرمین رانا کاشف کلیم نے سپیریئر کالج کی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔

پیٹ کے امراض میں اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے: ڈاکٹر عائشہ خالد

ضروری ہے کہ ان امراض سے بچاؤ کے لئے احتیاطی تدابیر اختیار کریں



جھنگ (بیورو رپورٹ) علی احمد خاں ہسپتال ایمرجنسی کی میڈیکل آفیسر محترمہ ڈاکٹر عائشہ خالد نے کہا ہے کہ ان دنوں پیٹ کے امراض میں اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے اور لوگ پیٹ اور گلے کے امراض میں مبتلا ہو رہے ہیں اس لئے ضروری ہے کہ ان امراض سے بچاؤ کے لئے احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ مچھروں اور مکھیوں کی افزائش کا موسم ہے اور اس موسم میں عوام کو چاہیے کہ وہ کھانے پینے میں احتیاط برتیں، گھر کا کھانا کھائیں اور کھانے پینے اور عام استعمال کی چیزوں کو ڈھانپ کر رکھیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ رمضان المبارک کے بعد کھانے پینے کے معمول میں تبدیلی اور خوراک کے استعمال میں کمی بیشی بھی پیٹ کے امراض کی ایک وجہ بنتی ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ خوراک کے استعمال میں احتیاط کریں اور ماحول کو صاف ستھرا رکھیں تاکہ اس قسم کے امراض سے محفوظ رہ سکیں

ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر تحریم رانا کا موڑ کھنڈا اور بڑا گھر کے امتحانی مراکز پر اچانک چھاپہ

سٹوڈنٹس وٹگران عملے کی حاضری، صفائی ستھرائی، بیٹھنے، روشنی اور صاف پانی کی دستیابی سمیت دیگر سہولیات کا جائزہ لیا



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تنسیم اختر راو کی ہدایت پر ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر تحریم رانا کا موڑ کھنڈا اور بڑا گھر کے امتحانی مراکز پر اچانک چھاپہ۔ ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر نے سٹوڈنٹس وٹگران عملے کی حاضری، صفائی ستھرائی، بیٹھنے، روشنی اور صاف پانی کی دستیابی سمیت دیگر سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے امتحانی مراکز میں امیدواران کی رولنمبر سلپس کی مطابقت پنجنے کی ترتیب کو بھی چیک کیا۔ سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر تحریم رانا نے 07 امیدواران سے دوران چیکنگ امدادی مواد برآمد کیا۔ اس موقع پر سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر تحریم رانا نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ موڑ کھنڈا سنٹر سے امیدوار سہان غنی جبکہ بڑا گھر سنٹر سے عبدالرحمن، فیضان عابد، مہدی حسن، تحسین پرویز، سلمان علی اور علی زین کالمی سے امدادی مواد برآمد کیا گیا ہے۔ ان امیدواران کے خلاف کاروائی کے لیے کیس مجاز اتھارٹی کو بھجوا دیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امتحانی سنٹرز میں نقل کی روک تھام کے لیے چیکنگ کا عمل سختی سے جاری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شفاف امتحانات کا انعقاد یقینی بنا کر سٹوڈنٹس کے تعلیمی سفر کو موثر بنایا جائے گا۔ دوسری جانب اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ وجیہہ ثمرین نے وارہرن میں امتحانی مراکز کو چیک کیا اور اسسٹنٹ کمشنر شا کوٹ شاہ شرافت نے تحصیل شا کوٹ کے مختلف امتحانی مراکز کا دورہ کر کے انتظامات و سہولیات کا جائزہ لیا۔

اسرائیلی درندوں کی ظلم اور بربریت کی انتہا ہو چکی ہے: نذیر حسین فریدی

گھمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) گھمبر فروش فلسطین میں خواتین اور بچوں پر اسرائیلی درندوں کی ظلم اور بربریت کی انتہا ہو چکی ہے جو امریکہ کی پشت پناہی سے مسلمانوں کی نسل کشی کر رہا ہے (سائیں نذیر حسین فریدی) تفصیلات کے مطابق رہنما جمعیت علماء اسلام پاکستان سائیں نذیر حسین فریدی نے گھمبر پریس کلب رجسٹرڈ کے سینیئر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نام نہاد اسلامی ممالک کے بے حس اور بے ضمیر حکمرانوں کی وجہ سے فلسطین اور کشمیر میں مسلمانوں کا قتل عام ہو رہا ہے اور مسلمانوں کی نسل کشی ہو رہی ہے لیکن بدقسمتی سے ہمارے حکمران اقتدار کے مزے میں اندھے ہو کر ہمارے حکمران بدمست ہوئے ہوئے ہیں جو کہ انتہائی افسوس ناک ہے اور قابل مذمت ہے سائیں نذیر حسین فریدی نے مزید کہا کہ یورپ کی گلیوں میں کوئی کتا بھی مر جائے تو انسانی حقوق کی تنظیمیں شور شرابہ اور اسمان سر پہ اٹھا لیتی ہیں لیکن بدقسمتی سے جو فلسطین اور کشمیر میں ہو رہا ہے اس پر انسانی حقوق کی تنظیمیں بھی خاموش تماشائی ہیں

بجلی بند رہے گی

جھنگ (بیورو رپورٹ) بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں صبح 8 بجے سے دن 2 بجے تک 30,26,23,19,16,12,10 اپریل کو کاج روڈ فیڈر، 15,17,22,24,29 اپریل کو ملہوآنہ موڑ فیڈر، 13,20 اپریل کو علی آباد فیڈر، 13 اپریل کو مدو کی فیڈر، 15,22 اپریل کو سلطان بہادر فیڈر، 13,16,20,23,27 اپریل کو سوئی شورکوٹ فیڈر، 10,12,14,17,19,21,24,26,28,30 اپریل کو سدھنائی فیڈر، 14,1,2 اپریل کو جی ایم راجا فیڈر، 16,23 اپریل کو کلاچی فیڈر میں بجلی کی سپلائی معطل رہے گی

میڈم سدرہ ستار نے بطور اسسٹنٹ کمشنر پسرور چارج سنبھال لیا

میرے آفس کے دروازے شہریوں کے مسائل سننے کیلئے کھلے ہیں



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے ہدایات جاری سدرہ ستار نے آج بطور اسسٹنٹ کمشنر پسرور اپنی ذمہ داریاں سنبھال لیں۔ عہدہ سنبھالتے ہی انہوں نے تحصیلدار آفس اور اراضی ریکارڈ سنٹر کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے شہریوں سے براہِ راست ملاقات کی اور ان کے مسائل سنے۔ دورے کے دوران سدرہ ستار نے دفتر میں موجود افسران اور عملے کو سختی سے ہدایت کی کہ عوامی شکایات کا فوری اور مؤثر ازالہ یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ دفاتر میں سائلین کے ساتھ خوش اخلاقی اور تعاون پر مبنی رویہ اپنایا جائے اور کسی قسم کی تاخیر یا غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے اراضی ریکارڈ سنٹر کے عملے کو خصوصی ہدایت کی کہ فرد، انتقال اور دیگر خدمات کے عمل کو شفاف، تیز اور کرپشن سے پاک بنایا جائے تاکہ عوام کو بروقت سہولیات میسر آئیں۔ اس موقع پر انہوں نے کہا میرے دروازے ہر وقت عوام کے لیے کھلے ہیں۔ عوامی مسائل کا حل میری اولین ترجیح ہے اور اس میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ شہریوں نے نئے اسسٹنٹ کمشنر کی جانب سے فوری اقدامات اور عوام دوست طرزِ عمل کو سراہا، اور امید ظاہر کی کہ ان کے مسائل کے حل کے لیے یہ مثبت تبدیلی ایک نیا آغاز ثابت ہوگی

غیر قانونی ایل پی جی ری فیلنگ کا مکروہ دھندہ جاری

انتظامیہ کسی بڑے حادثے کے انتظار میں وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ

گھمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) گھمبر ضلعی انتظامیہ کی ملی بھگت سے غیر قانونی ایل پی جی ری فیلنگ کا مکروہ دھندا ساتھ جاری جو گھمبر قادر آباد کی عوام کے لیے وبال جان بن گیا انتظامیہ کسی بڑے حادثے کے انتظار میں وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں کی ملی بھگت سے ایل پی جی گیس کی غیر قانونی ری فلنگ جاری جو کسی بھی وقت بڑا دھماکہ ہو کر شہریوں کے لیے موت سینٹر بن سکتے ہیں ساہیوال ضلعی انتظامیہ مطالقہ محکمے ری فیلنگ کرنے والے مافیا کے ساتھ رسمیں دنیا نبھا کر سب ادے کی رپورٹ پیش کرنے لگے جس کی وجہ سے گیبر قادر آباد کی عوام ضلعی انتظامی غرب متعلقہ محکمہ پر شدید برہم گھمبر قادر آباد کی عوام کا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کمشنر ساہیوال اور ڈپٹی کمشنر ساہیوال سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ گھمبر قادر آباد بگوی پل یوسف والا میں ایل پی جی گیس کی غیر قانونی ری فلنگ کرنے والے مافیا کے خلاف قانونی کاروائی کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے اور ان کے لیسنز کینسل کیے جائیں۔

مصطفی آباد: گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول دفتوہ کے سالانہ امتحانات کے نتائج کا اعلان کر دیا گیا

مصطفی آباد/لیالیاں (نمائندہ خصوصی) گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول دفتوہ کے سالانہ امتحانات کے نتائج کا اعلان کر دیا گیا، تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول دفتوہ کے نتائج کا اعلان کر دیا گیا تقریب میں سی ای او ایجوکیشن قصور، اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر مرکز مصطفے آباد، عالم ویلفیئر سوسائٹی، زبیدہ اقبال فاونڈیشن سمیت والدین، سیاسی سماجی راہنماو ں نے طلباء کی بھرپور حوصلہ افزائی میں کردار ادا کیا، چودھری فرغام طور، اسامہ تنویر عالم ویلفیئر سوسائٹی، محترمہ پلوشہ تنویر عالم ویلفیئر سوسائٹی نے پوزیشن ہولڈر طلباء میں ٹرافیز و کیش انعامات تقسیم کئے۔



مصطفی آباد: آر پی او شیخوپورہ ریجن اطہر اسماعیل کی تھانہ مصطفی آباد میں آمد

شہریوں کے مسائل سن کر انہیں فوری حل کرنے کے احکامات جاری کئے گئے

مصطفی آباد/لیالیاں (نمائندہ خصوصی) آر پی او شیخوپورہ ریجن اطہر اسماعیل کی تھانہ مصطفی آباد میں آمد، سمن بچوں نے پھولوں کی پتیاں نچھاور کر کے استقبال کیا، شہریوں کے مسائل سن کر انہیں فوری حل کرنے کے احکامات جاری کئے گئے، اس موقع پر ڈی پی او اور قصور محمد عیسی خاں سکھیرا، ڈی ایس پی صدر سرکل افضل ڈوگر، ایس ایچ او تھانہ مصطفی آباد ڈاکٹر ذوالفقار علی، و آر پی او آفس کا سٹاف بھی ہمراہ تھا، آر پی او اسماعیل اطہر نے کھلی کچہری میں آنے والے سائلین کے مسائل سنے اور انکو فوری طور پر حل کرنے کے احکامات جاری کئے، شہریوں نے سماج دشمن عناصر کے خلاف مثالی کریک ڈاؤن کرنے پر قصور پولیس کا شکریہ بھی ادا کیا اور تھانہ مصطفی آباد میں نفری کے اضافہ کا بھی مطالبہ کیا، اس موقع پر انجمن تاجران مصطفی آباد کے وفد کی طرف سے درپیش مسائل بیان کئے، جنہیں فوری طور پر حل کرنے کے احکامات جاری کئے، تھانہ مصطفی آباد میں منعقد ہونے والی کھلی کچہری میں، تاجروں، سیاسی سماجی جماعتوں کے نمائندوں، صحافیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔



جہلم شہر اور گردونواح میں مبینہ طور پر بعض بیکریوں پر غیر معیاری اور مہنگے داموں اشیا کی تیاری اور فروخت عروج پر پہنچ گئی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر اور گردونواح میں مبینہ طور پر بعض بیکریوں پر غیر معیاری اور مہنگے داموں اشیا کی تیاری اور فروخت عروج پر پہنچ چکی ہے بیکری کارخانوں میں بیکرز اشیاء کی تیاری کے دوران حفظان صحت کے اصولوں کے برعکس بیکری مصنوعات اور مٹھائیاں تیار کی جاتی ہیں جہاں پر صفائی ستھرائی کے ناگفتہ بے حالات ہیں کارخانوں کی دیواروں پر جالے اور چھتوں پر چھپکلیوں سمیت دیگر حشرات رقص کرتے نظر آتے ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ پنجاب فوڈ اتھارٹی اور انتظامیہ بیکریوں کے کارخانوں کو چیک کرے بیکریوں کے اندر کاریگروں کو دیکھ کر خوف آتا ہے بڑے ہوئے ناخن اور ناخنوں میں میلے کپڑوں سے بدبو اکثر وبیشتر مٹھائیات کے عادی جن کے پاس کوئی میڈیکل سرٹیفکیٹ نہیں حفظان صحت کے اصولوں کے برعکس اشیاء تیار کرتے دکھائی دیتے ہیں شہریوں نے ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی سے نوٹس لینے اور ایس او پیز پر عملدرآمد نہ کرنے والے مالکان کے خلاف کارروائیاں کرنے کا مطالبہ کیا ہے

برائلر مرغی کا گوشت بدستور مہنگا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں برائلر مرغی کا گوشت بدستور مہنگا، رواں ہفتے بھی مرغی کا گوشت 800 روپے 9 سو گرام کے حساب سے فروخت ہو رہا ہے، مرغی کا گوشت فروخت کرنے والے دکاندار ایسوسی ایشن بن چکے ہیں من مرضی کے نرخوں پر مہنگا گوشت فروخت کرنے کے باوجود دکانداروں نے تول میں بھی کمی کر دی ہے ایک کلو گوشت پورا کرنے کی بجائے گاہک کو 900 گرام گوشت تھما دیا جاتا ہے یہ سلسلہ پچھلے کئی دنوں کے ساتھ اعلانیہ جاری ہے۔ جس کے بارے انتظامیہ اچھی طرح آگاہ ہے مرغی کا گوشت فروخت کرنے والے دکاندار کم وزن اور نرخوں کی بازپرس پر گاہکوں سے بدتمیزی کرنا اپنا قانونی حق سمجھتے ہیں اور گاہکوں سے لڑائی جھگڑا کالی گلوچ سے بھی گریز نہیں کرتے شہریوں نے ڈپٹی کمشنر سے موجودہ صورتحال پر نوٹس لینے اور کم تول اور مہنگے داموں گوشت فروخت کرنے والے دکانداروں کے خلاف فوجداری مقدمات درج کرنے اور دکا سیل کرنے کا مطالبہ کیا ہے

شاہ مبارک سکول میں سالانہ تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد کیا گیا

نوجوان صحافی حافظ محمد نوید کمبوہ کی بیٹی انابیہ نوید اور عنائیہ نوید نے فسٹ پوزیشن اور عبیرہ شہزادی نے سیکنڈ پوزیشن حاصل کی



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) شاہ مبارک سکول میں سالانہ تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد کیا گیا نوجوان صحافی حافظ محمد نوید کمبوہ کی بیٹی انابیہ نوید اور عنائیہ نوید نے فسٹ پوزیشن اور عبیرہ شہزادی نے سیکنڈ پوزیشن حاصل کی۔ تفصیلات کے مطابق شاہ مبارک تکیل شاد باغ کالونی محلہ کرمانوالا میں سالانہ تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد کیا گیا نوجوان صحافی حافظ محمد نوید کمبوہ کی بیٹی انابیہ نوید اور عنائیہ نوید نے فسٹ پوزیشن اور عبیرہ شہزادی نے سیکنڈ پوزیشن حاصل کی۔ سکول میں مختلف کلاسز میں نمایاں کارکردگی اور فسٹ سیکنڈ اور تھرڈ پوزیشن حاصل کرنے والے بچوں میں مہمانوں نے انعامات تقسیم کیے سکول کی ہیڈ ٹیچر نے سیکرٹری کے فرائض سر انجام دیتے ہوئے تمام مہمانوں اور شرکاء کے دل جیت لیے اور خوب داد وصول کی شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے سکول کے پرنسپل محمد وسیم نے کہا کہ معیاری تعلیم ہر بچے کا بنیادی حق ہے طلباء وطالبات کو معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ ان کی اخلاقی تربیت کا بھی اہتمام کیا جاتا ہے بچوں کو مکمل مسلمان بچے پاکستانی اور معاشرے کا مفید حصہ بن سکے انہوں نے نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر تمام سکول ٹیچرز کو خراج عقیدت پیش کیا اور پوزیشن حاصل کرنے والے تمام طلباء وطالبات اور ان کے والدین کو مبارکباد پیش کی۔

تعلیمی سال کے آغاز پر بچوں کو پھول پیش کئے گئے: مجاہد حسین علوی

اساتذہ نے ننھے ستاروں کا پرتپاک استقبال کیا۔ CEO ایجوکیشن سیالکوٹ



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) عید تعطیلات کی اں عدآج سرکاری سکولوں میں ایک نیا سورج طلوع ہوا ہے، جس کی روشنی میں امیدوں کے چراغ روشن ہو گئے ہیں۔ سیالکوٹ کے سرکاری سکولوں کے ننھے منے بچے، نئے بستے، چمکتے چہرے، اور معصوم آنکھوں میں خواب لیے سکول کی دہلیز پر قدم رکھ رہے ہیں۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن مجاہد حسین علوی نے ہیڈ ماسٹرز، پرنسپل اساتذہ کے ہمراہ بچوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے پھول پیش کیئے۔ بچوں پر گل پاشی کی گئی جس سے بچوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ بچوں نے انتہائی مسرت کا اظہار کیا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن مجاہد حسین علوی کا کہنا ہے کہ بچوں کا یہ پہلا دن نہ صرف بچوں کے لیے خاص ہوتا ہے بلکہ اساتذہ، والدین اور پورے تعلیمی نظام کے لیے ایک نئی امید لے کر آتا ہے۔ اساتذہ نے محبت بھرے انداز میں بچوں کو خوش آمدید کہا کلاس رومز کو پھولوں سے سجایا گیا، اور ہر بچے کو یہ احساس دلایا گیا کہ وہ ہمارے لیے خاص ہے۔ خوشیوں بھرا یہ منظر ایک تہوار کی طرح محسوس ہوا جہاں تعلیم خلوص اور محبت ایک ساتھ جھلک رہے تھے۔ یہ آغاز صرف تعلیمی سال کا نہیں، بلکہ ایک روشن مستقبل کی تعمیر کا ہے۔ ان پھول جیسے بچوں کو علم کے رنگوں سے سجا کر ایک خوبصورت باغ بنایا جائے گا جہاں سے خوشبو صرف ترقی تہذیب اور کامیابی کی ہوگی۔

آر پی او اور آفس کا سٹاف بھی ہمراہ تھا، آر پی او اسماعیل اطہر نے کھلی کچہری میں آنے والے سائلین کے مسائل سنے اور انکو فوری طور پر حل کرنے کے احکامات جاری کئے، شہریوں نے سماج دشمن عناصر کے خلاف مثالی کریک ڈاؤن کرنے پر قصور پولیس کا شکریہ بھی ادا کیا اور تھانہ مصطفی آباد میں نفری کے اضافہ کا بھی مطالبہ کیا، اس موقع پر انجمن تاجران مصطفی آباد کے وفد کی طرف سے درپیش مسائل بیان کئے، جنہیں فوری طور پر حل کرنے کے احکامات جاری کئے، تھانہ مصطفی آباد میں منعقد ہونے والی کھلی کچہری میں، تاجروں، سیاسی سماجی جماعتوں کے نمائندوں، صحافیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

لیڈی ہیڈ کانسٹیبل پروین صادق اور ٹیم کی مثالی خدمات، شہریوں کو محفوظ، باوقار سفر کی ضمانت

دورانِ ڈیوٹی ان افسران نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کارروائیاں کیں



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) لیڈی ہیڈ کانسٹیبل پروین صادق اور ٹیم کی مثالی خدمات، شہریوں کو محفوظ، باوقار سفر کی ضمانت پٹرولنگ پوسٹ 92 نو املی ساہیوال پر تعینات لیڈی ہیڈ کانسٹیبل پروین صادق اور ان کی ٹیم، جن میں فرض شناس اہلکار اقبال خان و دیگر شامل ہیں، عوامی خدمت کا ایک روشن اور قابل تقلید نمونہ بن چکے ہیں۔ دورانِ ڈیوٹی ان افسران نے نہ صرف جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کارروائیاں کیں بلکہ شہریوں کو ایک محفوظ، پرسکون اور باعزت سفر کی سہولیات بھی فراہم کیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ دوران چیکنگ افسر پروین اور ان کے ساتھی جس اعلیٰ اخلاق، شائستہ رویے اور پیشہ ورانہ انداز میں پیش آتے ہیں، وہ واقعی قابل تحسین ہے۔ ان کی گفتگو میں نرمی، انداز میں خلوص اور اقدامات میں عدل و انصاف جھلکتا ہے، جس سے عوام کا پولیس پر اعتماد مزید مضبوط ہوا ہے۔ لیڈیز ہیڈ کانسٹیبل پروین صادق اور ان کی ٹیم کی جانب سے بغیر کسی تفریق کے قانون کی عملداری، عوام کے ساتھ ہمدردانہ رویہ اور جانفشانی سے فرائض کی ادائیگی نے پٹرولنگ نظام کو ایک نئی جہت دی ہے۔ ان کا طرزِ عمل نہ صرف پیکیورٹی کو مؤثر بناتا ہے بلکہ محکمہ پولیس کے چہرے کو بھی مثبت انداز میں اجاگر کرتا ہے۔ عوامی وسماجی حلقوں کی جانب سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ محکمہ پولیس ان فرض شناس افسران کی حوصلہ افزائی کرے، تاکہ ان کی خدمات کا اعتراف کیا جائے اور دیگر اہلکار بھی ان کے نقشِ قدم پر چلنے کی ترغیب حاصل کریں۔

گھریلو پریشانیوں سے تنگ نوجوان کی خودکشی

چکوال (ایم ایوب سلطانی) چوآسیدن شاہ سے موصولہ اطلاع کے مطابق ایک 37 سالہ نوجوان، جو آرے پر کام کرتا تھا، نے مبینہ طور پر گھریلو پریشانیوں سے تنگ آ کر خودکشی کر لی۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کمانڈ اینڈ کنٹرول روم چکوال نے فوری طور پر قریبی پوائنٹ سے ایمبولینس روانہ کی اور مقامی پولیس کو بھی مطلع کیا۔ ریسکیو ٹیم نے موقع پر پہنچ کر فوری طور پر سین اسیسمنٹ کی۔ ابتدائی معائنے میں معلوم ہوا کہ مذکورہ شخص نے لکڑی کا آرا استعمال کرتے ہوئے اپنی گردن پر گہرا زخم لگایا تھا۔ بدقسمتی سے زخم کی شدت کے باعث وہ جانبر نہ ہو سکا۔ جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت احمد قاسم کے نام سے ہوئی، جو ضلع سرگودھا کا رہائشی تھا۔ ریسکیو 1122 نے موقع پر موجود پولیس کو مکمل تعاون فراہم کیا۔ نعش کو قانونی کارروائی کے بعد قریبی ہسپتال منتقل کیا جائے گا۔ پنجاب ایمرجنسی سروسز (ریسکیو 1122) عوام کو یہ پیغام دینا چاہتی ہے کہ ذہنی دباؤ اور پریشانی کی صورت میں فوری طور پر ماہر نفسیات یا متعلقہ اداروں سے رابطہ کریں۔ زندگی قیمتی ہے، اس کا تحفظ ہم سب کی ذمہ داری ہے۔

عوام کے مسائل کا حل ہماری اولین ترجیح ہے: ڈی پی او حافظ آباد

فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے تھانہ کسیسے اور تھانہ جلالپور بھٹیاں میں کھلی کچہری کا انعقاد



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر حافظ آباد عاطف نذیر نے عوامی مسائل کے بروقت حل اور فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے تھانہ کسیسے اور تھانہ جلالپور بھٹیاں میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ ڈی پی او حافظ آباد نے کھلی کچہری میں سائلین اور معززین علاقہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام کے مسائل کا حل ہماری اولین ترجیح ہے۔ کھلی کچہری میں پیش ہونے والی درخواستوں کا ریکارڈ آن لائن کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم پر اپلوڈ کیا جاتا ہے اور مقررہ مدت میں ان درخواستوں کے حوالے سے متعلقہ افسران سے فالو اپ لیا جاتا ہے۔ تمام شکایات پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جاتا ہے تاکہ عوام کو فوری اور موثر انصاف مل سکے۔ اس موقع پر شہریوں کی درخواستوں کی سماعت کی گئی اور ان کے مسائل سنے گئے۔ ڈی پی او عاطف نذیر نے متعلقہ افسران کو سائلین کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے احکامات جاری کیے۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر شیخوپورہ بلال ظفر شیخ کا ڈاکوؤں چوروں کیخلاف کریک ڈاؤن

ڈکیتی، رابری، راہزنی اور چوری کے درجنوں درج مقدمات میں ملوث 27 ڈکیت وچور گینگز کے 76 ملزمان کو گرفتار کیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر شیخوپورہ بلال ظفر شیخ نے عوام الناس کے جان ومال کے تحفظ اور کرائم کی روک تھام کے لیے جرائم پیشہ افراد خصوصاً متحرک ڈکیت گینگز، ڈاکوؤں اور چوروں کے خلاف کریک ڈاون کرنے اور ان سے مال مسروقہ کی ریکوری کے معیار کو بہتر بنانے کا ٹاسک دیا جس پر شیخوپورہ پولیس نے گزشتہ 3 ماہ کے اندر دن رات مسلسل محنت کرتے ہوئے ضلع بھر میں ڈکیت گینگز، ڈاکوؤں اور چوروں کے خلاف کریک ڈاون جاری رکھا شیخوپورہ پولیس نے اپنے تمام تر وسائل اور محکمانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے ضلع بھر میں ڈکیتی، رابری، راہزنی اور چوری کے درجنوں درج مقدمات میں ملوث 27 ڈکیت و چور گینگز کے 76 ملزمان کو گرفتار کیا شیخوپورہ پولیس نے گرفتار کیے گئے ملزمان سے دوران انٹروگیشن تقریباً 18 کروڑ روپے مالیت کا مال مسروقہ برآمد کیا جس میں 8 کروڑ 19 لاکھ روپے نقدی، 21 تولے زیورات، 174 عدد موٹر سائیکلیں،

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) بدھ 9 اپریل 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ
RAWAT قوت
042-3636003

بہتری کیلئے ٹاسک فورس قائم کی اس ٹاسک فورس میں ہر ٹائم کے شعبے میں اصلاحات کے لیے تجاویز دی گئی جس کے نتائج سامنے آرہے ہیں۔ مالی معیشت مستحکم ہوئی ہے کرنسی کے ذریعے درآمدات پہلی مرتبہ 2 ارب ڈالر تک پہنچ گئی ہیں جس سے کاروبار کو بڑی مدد ملی ہے۔ ہمارے ملک میں کسٹوڈین کے مکمل انٹیگریٹڈ کے نظام کے لیے ایک آٹومیٹڈ سسٹم کے آنے سے چند منٹوں میں کلیئرنس کے آنے سے چند منٹوں میں کلیئرنس کے مکمل انٹیگریٹڈ کے نظام کے لیے ایک آٹومیٹڈ سسٹم کے آنے سے چند منٹوں میں کلیئرنس کے آنے سے چند منٹوں میں کلیئرنس کے مکمل انٹیگریٹڈ کے نظام کے لیے ایک آٹومیٹڈ سسٹم

آئی جی پنجاب کی زیر صدارت ریجنل پولیس آفس میں ہم ویڈیو لنک کانفرنس کا انعقاد

شہداء پولیس کے بچوں، تعلیمی اداروں کے طلباء طالبات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے افراد کو خدمت مراکز کے وزٹ کروائے جائیں، آئی جی پنجاب

فورس اور شہداء پولیس کے اہلخانہ کی بہترین فلاح و بہبود کیلئے ویلفیئر پراجیکٹس کا دائرہ کار بڑھایا جائے، ڈاکٹر عثمان انور کی اجلاس میں گفتگو

لاہور (نمائندہ خصوصی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیر صدارت اہم ویڈیو لنک اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پولیس خدمت مراکز، ٹریفک ایجوکیشن پارکس، ٹریفک وارڈنز سمیت ٹریفک سیفٹی کے دیگر امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب، ایڈیشنل آئی جی ایڈمن، ایڈیشنل آئی جی ایچ آر ڈی، ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب، ریجنل پولیس آفیسرز، ڈی آئی جیز ٹریفک، ایس ایس پیز ٹریفک، ایس پیز ٹریفک ایجوکیشن پارکس، ایس پیز ٹریفک ہیڈ کوارٹرز اور ایس پیز ٹریفک ایجوکیشن پارکس نے شرکت کی۔ آئی جی پنجاب نے پولیس سروس فرائض سرانجام دینے والے تمام افسران کی خدمات کو سراہا اور ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہداء پولیس کے بچوں، تعلیمی اداروں کے طلباء طالبات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے افراد کو خدمت مراکز کے وزٹ کروائے جائیں، آئی جی پنجاب نے کہا کہ شہداء پولیس کے اہلخانہ کی بہترین فلاح و بہبود کیلئے ویلفیئر پراجیکٹس کا دائرہ کار بڑھایا جائے، ڈاکٹر عثمان انور کی اجلاس میں گفتگو



آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پولیس خدمت مراکز، ڈرائیونگ لائسنگ بلڈنگ سینٹرز اور ٹریفک ایجوکیشن پارکس کے امور پر بات چیت کا اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پیپلز پارٹی کو بھی بھٹو کے اصل وارثی فکر کرنی چاہئے، بیرسٹر سیف

پی ٹی آئی سے کہیں زیادہ اختلافات تو شریف خاندان کے اندر ہر وقت پائے جاتے ہیں، مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا

ذوالفقار علی بھٹو جونیئر کی شکل میں اصلی بھٹو سامنے آیا ہے، بھٹو کے اصلی وارث سامنے آنے کے بعد پیپلز پارٹی خواب بانجتہ ہو گئی ہے

پشاور (آن لائن) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ خواتین پی ٹی آئی میں اختلافات کی خبریں بڑھا چڑھا کر پیش کرنے سے خوش نہیں ہیں۔ شریف خاندان میں اقتدار کی منتقلی پر بات کرتے ہوئے بیرسٹر سیف نے کہا کہ نواز شریف کے بعد مریم نواز اور پھر حمزہ شہباز کی باری آئے گی۔ پیپلز پارٹی کو بھی بھٹو کے اصل وارث کی فکر کرنی چاہئے۔ ذوالفقار علی بھٹو جونیئر کی شکل میں اصلی بھٹو سامنے آیا ہے، بھٹو کے اصلی وارث سامنے آنے کے بعد پیپلز پارٹی خواب بانجتہ ہو گئی ہے

منی پور میں غیر معینہ مدت کیلئے کرفیو نافذ کر دیا گیا

وقف ترمیمی ایکٹ کے حمایت کرنے پر بی جے پی لیڈر کا گھر نذر آتش کر دیا گیا

ایمپھال (این این آئی) منی پور میں ریاستی حکومت کے خلاف بی جے پی لیڈر کی اشتعال انگیز پوسٹ کے بعد پیدا ہونے والی کشیدگی کے بعد ریاست بھر میں غیر معینہ مدت کے لیے کرفیو نافذ کر دیا گیا۔ ریاست منی پور کے ضلع تھوبل میں غیر معینہ مدت کے لیے کرفیو نافذ کر دیا گیا۔ کرفیو ضلع کے حلقہ انتخاب لیماکھونگ میں کرفیو وقف ترمیمی ایکٹ کی حمایت کرنے پر بی جے پی لیڈر طرف سے بی جے پی کی اقلیتی مورچہ کے ریاستی صدر کے گھر کو آگ لگانے کے بعد نافذ کیا گیا ہے۔ کشیدہ سماجی سنگھ نے میڈیا کو بتایا کہ (باقی صفحہ پر پتیہ نمبر 44)

سکول اساتذہ کیلئے ڈریس کوڈ کی نئی ہدایات جاری، نماز ظہر کے انتظامات کی بھی ہدایت

فی میل ٹیچرز کیلئے شلوار قمیض، دوپٹہ پہننا لازمی قرار، میل ٹیچرز کیلئے جینز، ٹی شرٹس پہننے پر پابندی

لاہور (این این آئی) پنجاب میں محکمہ سکولز ایجوکیشن کی جانب سے سرکاری و پرائیویٹ سکولوں کے اساتذہ کیلئے ڈریس کوڈ کی نئی ہدایات جاری کر دی گئیں۔ پنجاب میں سرکاری و پرائیویٹ سکولوں میں فی میل ٹیچرز کیلئے شلوار قمیض، دوپٹہ پہننا لازمی قرار دے دیا گیا ہے جبکہ میل ٹیچرز کیلئے جینز اور ٹی شرٹس پہننے پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ تمام سکولوں میں سکول دورانیہ (باقی صفحہ پر پتیہ نمبر 45)

سول سوسائٹی اور کمیونٹی ایک فعال اور جامع معاشرے کے بنیادی ستون ہیں: گورنر پنجاب

آج امت مسلمہ بیرونی طاقتوں کے زیر عتاب ہے بالخصوص فلسطین میں مسلمانوں پر انسانی تاریخ کا بدترین ظلم کیا جا رہا ہے ہر آنکھ اشک بار ہے

اسی سطح پر بلاتفریق ڈائیلاگ کی کوششیں منعقد کروائی جائیں تاکہ مقامی سطح پر لوگوں کے مسائل کے حل کی راہیں ہموار ہو سکیں، ملک رفیق رجوانہ

ملتان (نمائندہ خصوصی) انجینئر ملک محمد آصف رفیق رجوانہ ایڈووکیٹ کی جانب سے رجوانہ ہاؤس امیر آباد پر سول سوسائٹی اور معززین شہر کے اعزاز میں دی گئی عید ملن پارٹی کی تقریب سے سابق گورنر پنجاب ملک محمد رفیق رجوانہ، سابق وائس چانسلر جناح کنونشن سنٹر پروفیسر ڈاکٹر ظفر محمود انصاری، سابق میونسپل کمیٹی وزیر چوہدری عبدالوحید ارائیں، چیئرمین ملک آصف رفیق، جوائنٹ ایڈووکیٹ جنرل پنجاب ملک محمد رفیق رجوانہ، سول سوسائٹی رہنما شاہد محمود انصاری، اظہر خان بلوچ، عمر فاروق سعنی، عبدالجبار خٹک، شوکت اشفاق، سید وحید شاہ، چوہدری بابر حسین، عثمان خان بابر، ملک فیض رسول رجوانہ، ملک اعجاز رجوانہ، ڈاکٹر فاروق لنگاہ، میڈم طاہرہ نسیم، ڈاکٹر عمر فان احمد پراچہ، عابدہ بخاری، عامر محمود تھنڈی، احسان خان سوہدری، اور نگزیب خان بلوچ، چوہدری منصور احمد خطاب کر رہے ہیں





گورنر پنجاب محمد بشیر خان مندوخیل سے سابق سینیٹر سعید الحسن اور سابق صوبائی وزیر طارق گھمن ملاقات کر رہے ہیں

اسرائیلی فوج میں شامل برطانوی فوجیوں پر غزہ میں جنگی جرائم کا الزام

ہمارا کوئی بھی شہری اگر کوئی جرم کر رہا ہے تو ہمیں اس کے بارے میں کچھ کرنا چاہیے، گروپ لیڈر

لندن (این این آئی) غزہ میں اسرائیلی فوج کے خدمات انجام دینے والے برطانوی شہریوں کے ایک گروپ کے خلاف میٹروپولیٹن پولیس کو جنگی جرائم کی شکایت کی گئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق درجنوں سابق اور حاضر سروس برطانوی فوجیوں نے شکایت درج کرائی ہے جن میں ان کے خلاف (باقی صفحہ پر پتیہ نمبر 51)

گندم خریداری، کسانوں کا حکومت کے خلاف طبلِ جنگ

وزیراعلیٰ خریداری کا وعدہ پورا کریں ورنہ حکومتی ایوانوں کا گھیراؤ ہوگا، مرکزی صدری ادائی

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) گندم کی امدادی قیمت، حکومت کی عدم دلچسپی پر کسانوں نے خطرے کی گھنٹی بجا دی، جنبیر آف انگلینڈ پاکستان کے صدر چوہدری شوکت پھڈیار اور پاکستان کسان بورڈ کے راہنماؤں نے منتظر اجتماعی تحریک چلانے کا عندیہ دے دیا، تحصیلات کے مطابق پنجاب میں گندم کی امدادی قیمت کے اعلان میں حکومتی عدم دلچسپی پر کسان تنظیموں نے حکومت پنجاب (باقی صفحہ پر پتیہ نمبر 53)

امریکا، یونیورسٹیوں کے بین الاقوامی طلبہ کے اچانک ویزے منسوخ

حکومت خاموشی سے یہ اقدام کر رہی ہے، کالجز اور یونیورسٹیوں سے وابستہ ہزاروں طلبہ متاثر

واشنگٹن (این این آئی) امریکا بھر کی کئی یونیورسٹیوں کے بین الاقوامی طلبہ کے ویزے غیر متوقع طور پر اچانک منسوخ کر دیے گئے ہیں۔ امریکی میڈیا کے مطابق جن یونیورسٹیوں کے طلبہ کے ویزے منسوخ کیے گئے ہیں ان کے وجہ انتظامی کی کئی وجوہات ہو سکتی ہیں۔ کالجز اور یونیورسٹیوں سے وابستہ ہزاروں طلبہ کا کہنا تھا کہ حکومت خاموشی سے یہ اقدام کر رہی ہے۔ امریکی میڈیا (باقی صفحہ پر پتیہ نمبر 54)



قصور: ڈپٹی کمشنر عمران علی وزیر اعلیٰ پنجاب کے گورننس بہتری ایشیا ایوارڈ کے حوالے سے جاری اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

امریکہ اور اسرائیل دنیا کے سب بڑے دہشتگرد ملک بن چکے ہیں ضیاء الدین انصاری

امریکی صدر ٹرمپ کا فلسطین کو ریئل اسٹیٹ قرار دیکر قبضہ کا خواب پورا نہیں ہوگا، فلسطین مسلمانوں کی ملکیت ہے اسرائیل اور امریکہ کا ناجائز قبضہ دنیا کا امن تباہ کر دیگا

امت مسلمہ کے بے حس اور بزدل حکمران امریکی خوشنودی اور اقتدار کیلئے مجرمانہ خاموشی اختیار کیے ہوئے ہیں، امیر جماعت اسلامی لاہور مختلف وفود سے گفتگو

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ امریکہ اور اسرائیل دنیا کے سب بڑے دہشتگرد ملک بن چکے ہیں۔ پوری دنیا میں جنگ بندی کے مطالبات ہو رہے ہیں لیکن امریکہ اسرائیل کو مزید امداد فراہم کر رہا ہے، امریکہ ایک دہشت گرد ملک اور انسانیت کا دشمن ہے۔ امریکی صدر ٹرمپ کا فلسطین کو ریئل اسٹیٹ قرار دیکر قبضہ کا خواب پورا نہیں ہوگا۔ فلسطین فلسطینی مسلمانوں کی ملکیت ہے اسرائیل اور امریکہ کا ناجائز قبضہ دنیا کا امن تباہ کر دیگا۔ امت مسلمہ کے بے حس اور بزدل حکمران امریکی خوشنودی اور اقتدار کیلئے مجرمانہ خاموشی اختیار کیے ہوئے ہیں۔ پوری دنیا میں مسلمان قتل و مذمت اور ناقابل (باقی صفحہ پر پتیہ نمبر 36)



لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ 11 اپریل بیحیثیت فرد فلسطین مارچ میں شرکت کیلئے سیاسی سماجی شخصیات کو دعوت دے رہے ہیں

قیدکے باجود عمران خان کی مقبولیت کا گراف اوپر گیا ہے، مسرت جمشید چیمہ

بانی پی ٹی آئی عمران خان کے شعور کی وجہ سے عوام آج حکمرانوں سے سوال کرنے کی جرات رکھتے ہیں، سینیٹر رہنما پی ٹی آئی

اسٹیبلشمنٹ کا مظاہرہ کر رہے ہیں اس سے ہمارے خوصلوں کو بھی تقویت ملتی ہے

لاہور (سٹی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان ان کی اہلیہ اور دیگر رہنما جس عزم و استقامت کا مظاہرہ کر رہے ہیں اس سے ہمارے خوصلوں کو بھی تقویت ملتی ہے اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان نے مسلسل اور لازوال جدوجہد کے ذریعے عوام کو شعور دیا، (باقی صفحہ پر پتیہ نمبر 34)

نشتر کالونی، تلخ کلامی پر نجی ہاؤسنگ سوسائٹی کا سیکیورٹی گارڈ قتل

2 افراد نے تلخ کلامی پر سیکیورٹی گارڈ عرفان پر فائرنگ کی، ملزم ہوائی فائرنگ بھی کرتے رہے

کلامی پر سیکیورٹی گارڈ عرفان پر فائرنگ کر دی جو موقع پر ہی دم توڑ گیا، ملزم قتل کے بعد ہوائی فائرنگ بھی کرتے رہے۔ اطلاع ملتے ہی (باقی صفحہ پر پتیہ نمبر 58)

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقہ نشتر کالونی میں تلخ کلامی پر نجی ہاؤسنگ سوسائٹی کے سیکیورٹی گارڈ کو قتل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق 2 افراد نے تلخ کلامی پر سیکیورٹی گارڈ عرفان پر فائرنگ کی، ملزم 2 گولیاں مار کر موقع سے فرار ہو گئے۔ ملزمان نے فائرنگ کے بعد ہوائی فائرنگ بھی کی۔ پولیس کے مطابق 2 افراد نے تلخ کلامی پر سیکیورٹی گارڈ عرفان پر فائرنگ کی، ملزم ہوائی فائرنگ بھی کرتے رہے۔ اطلاع ملتے ہی (باقی صفحہ پر پتیہ نمبر 58)

خلیل الرحمان ہنی ٹریپ کیس کی ساعت (آج) تک ملتوی

عدالت ملزمان کے وکلاء کی حتمی بحث کے بعد مقدمے کا فیصلہ سنائے گی

لاہور (این این آئی) ڈارلہ نگار خلیل الرحمان قمر مطابق اندداد دہشت گردی عدالت لاہور میں ہنی ٹریپ اور اغوا برائے تاوان کیس پر سماعت آج (بدھ) 9 اپریل تک ملتوی کر دی گئی۔ رپورٹ کے مطابق جاوید غلیل الرحمان قریشی ٹریپ اور اغوا برائے تاوان کیس کی ساعت (باقی صفحہ پر پتیہ نمبر 60)

وسیم یونیورسٹی ملتان کی سینڈیکیٹ کا اجلاس

سینڈیکیٹ کا اجلاس آئندہ سے سالانہ کیلینڈر کے مطابق شیڈول کیا جائیگا

ملتان (خبر نگار) وسیم یونیورسٹی ملتان کی سینڈیکیٹ کا اجلاس، متعدد امور فیصلے کئے گئے ترجمان کے مطابق وسیم یونیورسٹی ملتان کا 43 واں سنڈیکیٹ اجلاس ہائر ایجوکیشن کمیشن اسلام آباد کے کانفرنس روم میں واس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر فرخندہ منصوری زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس میں چیئرمین بورڈ آف ایجوکیشن ڈاکٹر عثمار احمد، پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر کلثوم پراچہ، ایڈیشنل سیکرٹری (باقی صفحہ پر پتیہ نمبر 37)



وسیم یونیورسٹی میں 43 ویں سنڈیکیٹ کے اجلاس کے موقع پر شرکاء کا گروپ فوٹو

پنجاب پولیس ٹریننگ برانچ: گزشتہ دو سالوں میں انقلابی تبدیلیاں

تربیتی افسران کی جدید پیشہ وارانہ تربیت کیلئے افسر اسٹرکچر و ڈیلیوشن پر خصوصی توجہ دی گئی

ٹریننگ کا معیار بہتر بنانے کے لیے تربیتی ڈھانچے کو ماڈرن لائن پر اپ گریڈ کر دیا گیا، ایڈیشنل آئی جی



ایڈیشنل آئی جی ٹریننگ پنجاب طارق رشتم چوہان

لاہور (خبر نگار) ایڈیشنل آئی جی ٹریننگ پنجاب طارق رشتم چوہان نے ٹریننگ ڈائریکٹوریٹ کی اپ گریڈیشن بارے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ دو سالوں میں پنجاب پولیس کے تربیتی ڈھانچے اور افسران کے انفراسٹرکچر اور کورسز میں انقلابی تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تربیتی افسران کی خواہصورت اور آرام دہ ماحول میں ماڈرن پیشہ وارانہ تربیت کیلئے انفراسٹرکچر و ڈیلیوشن پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ تمام پی آئیز (TPIs) کی ایمرجنسی بنیادوں پر تزئین و آرائش کی گئی ہے۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریننگ نے کہا کہ پنجاب پولیس کے تربیتی (باقی صفحہ پر پتیہ نمبر 38)

مریضوں کیلئے آسانیاں پیدا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں: خواجہ سلمان رفیق

صوبائی وزیر صحت کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس منعقد

سمیت صوبہ بھر کے (باقی صفحہ پر پتیہ نمبر 39)



لاہور: صوبائی وزیر محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن خواجہ سلمان رفیق ہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اس موقع پر صوبائی سیکرٹری صحت عظمت محمود بھی موجود تھے۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل ڈاکٹر محمد ریم اور ڈپٹی سیکرٹری ٹیکنیکل ڈاکٹر عبدالرحمن نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اجلاس کو بتایا کہ صوبائی سیکرٹری صحت کی زیر صدارت ہر ہفتے ہسپتالوں کی مسلسل انسپکشن اور مانیٹرنگ کی جا رہی ہے۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں کی مسلسل انسپکشن اور مانیٹرنگ کی جا رہی ہے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اجلاس کے دوران سرکاری ہسپتالوں بارے مانیٹرنگ رپورٹ کا جائزہ لیا۔ متعلقہ افسران نے اس حوالے سے بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ اداروں کے معاملات کو بہتر بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ ہسپتالوں کے معاملات کو بہتر بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ مریضوں کیلئے آسانیاں پیدا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اجلاس منعقد کی

صحت مند معاشرہ ہی حقیقی ترقی کی اصل بنیاد ہے، چوہدری بابر ظہیر واہلہ

ماں اور بچے کی صحت، صحت عامہ پر خصوصی توجہ دی جائے، چیف ایگزیکٹو زہرہ نواز جنرل ہسپتال

نکاٹہ صاحب (این این آئی) ورلڈ ہیلتھ ڈے کے موقع پر چیف ایگزیکٹو زہرہ نواز جنرل ہسپتال سانگلہ ہل چوہدری بابر ظہیر واہلہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صحت مند معاشرہ ہی حقیقی ترقی کی بنیاد ہے، اور ہر فرد کو اپنی صحت کے حوالے سنجیدہ ہونا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ورلڈ ہیلتھ ڈے منانے کا مقصد صرف ایک دن کی سرگرمی نہیں بلکہ سال بھر صحت کے اصولوں پر عمل (باقی صفحہ پر پتیہ نمبر 46)

صوبائی وزیر زراعت و لائیو سٹاک کی زیر صدارت اجلاس

25 میگا ٹیک اراضی رکھنے والے کاشتکاروں کو شامل کیا جا رہا ہے، سید عاشق حسین

لاہور (یو این پی) صوبائی وزیر زراعت و لائیو سٹاک سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت آج ایگریکلچر ہاؤس میں اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں وزیر مالی کے زرعی شعبہ کی ترقی کیلئے تجاویز پیش کرنے کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب اکثر بلوچ سمیت متعلقہ افسران موجود تھے۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے سیکرٹری زراعت پنجاب اکثر بلوچ نے بتایا کہ صوبائی وزیر زراعت و لائیو سٹاک نے کہا کہ کسان کارڈ کے دوسرے فیز میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے 25 میگا ٹیک اراضی رکھنے والے کاشتکاروں کو شامل کیا جا رہا ہے اور فی ایکڑ غرض کی حد کو 30 ہزار روپے فی ایکڑ سے بڑھا کر 40 ہزار روپے فی ایکڑ کر دیا جائے گا تاکہ زیادہ (باقی صفحہ پر پتیہ نمبر 48)



لاہور: بی ایچ ای اے کے ملازمین فیصل چوک میں اپنے کام میں مصروف ہیں

حجرہ شاہ مقیم، پولیس کا بین الاضلاعی ڈکیت گینگ سے سخت مقابلہ، 5 گرفتار

دو ڈکیتی ڈالوں سے 20 سنگین جرائم میں ملوث، کئی اضلاع میں مطلوب تھے، مقدمہ درج

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) پولیس کا بین الاضلاعی ڈاکو گینگ سے ٹاکرا، سخت مقابلے کے بعد دو رٹیوں سمیت پانچ ڈاکو گرفتار کر لیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق چک باوا حویلی کے قریب 5 ڈاکوؤں نے ناکہ لگانے کی کوشش کی، پولیس کی اطلاع پر پولیس نے ڈکیتی ڈالوں کو روکنے کی کوشش کی، ڈاکوؤں نے پولیس پر فائرنگ کر دی، پولیس نے بھی خود اختیاری کے تحت جوابی فائرنگ کی، اسی دوران فائرنگ رکنے پر ساتھیوں کی فائرنگ سے 2 ڈاکو گرفتار کر لیے گئے جبکہ 3 ڈاکو اندھیرے کا فائدہ اٹھا کر فرار ہو گئے۔ پولیس نے 2 ڈکیتی ڈالوں سمیت 5 ڈاکوؤں کو گرفتار کر لیا، پکڑے گئے ڈاکوؤں کی نشاندہی پر مزید 2 ڈاکوؤں کو گرفتار کر لیا گیا، گرفتار ڈاکوؤں سے 5 پستول، 2 رائفلیں اور 2 ڈکیتی ڈالے برآمد کر لیے گئے، ڈاکوؤں کے خلاف 20 سنگین مقدمات درج ہیں، گرفتار ڈاکوؤں کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا، ڈاکوؤں کے خلاف کارروائی جاری ہے۔

مشتری ہوشیار باش

کیئر ٹیکر کمیٹی FARECHS لمیٹڈ فیصل آباد کی جانب سے ہر خاص و عام کو مطلع کیا جا رہا ہے کہ محمد یونس ولد مقبول سابق سب انجینئر، محمد حارث جمیل سابق منیجر، داؤد زبیری سابق کمپیوٹر آپریٹر، شہروز امجد ولد امجد علی سابق سیکورٹی گارڈ، عاطف منیر ولد محمد منیر سابق سیکورٹی گارڈ، ذوالقرنین سابق سیکورٹی گارڈ کو بوجہ فراڈ، کرپشن، دھوکہ دہی اور قبضہ مافیا کی پشت پناہی اور اپنے آپ کو سرکاری ملازم ظاہر کرنے پر سوسائٹی نے ان کو نوکری سے فارغ کر دیا ہے اب ان کا سوسائٹی کے ساتھ کسی قسم کا کوئی تعلق واسطہ نہیں ہے، ان تمام افراد کیساتھ لین دین کرنے والے اپنے نفع ونقصان کے خود ذمہ دار ہونگے، تمام سرکاری وغیر سرکاری ادارے وسوسائٹی ممبران نوٹ فرمالیں۔



محمد یونس ولد مقبول
سابق سب انجینئر



داؤد زبیری
سابق کمپیوٹر آپریٹر



محمد حارث جمیل
سابق منیجر



ذوالقرنین
سابق سیکورٹی گارڈ



شہروز امجد ولد امجد علی
سابق سیکورٹی گارڈ

عاطف منیر ولد محمد منیر
سابق سیکورٹی گارڈ

منجانب
کیئر ٹیکر کمیٹی FARECHS لمیٹڈ فیصل آباد
رابطہ سوسائٹی آفس نمبر
0418850003